تخریج : ترمذی کتاب البیوع باب ما جاء ان الحنطۃ بالحنطۃ مثلا بمثل وکراھیۃ التفاضل فیہ 1240 **نسائی** کتاب البیوع بیع التمر بالتمر 4559 بیع البر بالبر 4560 ، 4561 بیع الشعیر بالشعیر 4562 ، 4563 ، 4564 ، 4565 ، 4566 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی الصرف 3349 **ابن ماجہ** کتاب التجارات باب الصرف وما لا یجوز متفاضلا یدا بید 2253 2254

2958{83}حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَوَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّمْرُ بِالتَّمْرِ وَالْحِنْطَةُ بِالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مِثْلًا بِمِثْلٍ يَدًا بِيَدٍ فَمَنْ زَادَ أَوِ اسْتَزَادَ فَقَدْ أَرْبَى إِلَّا مَا اخْتَلَفَتْ أَلْوَانُهُ و حَدَّثَنِيهِ أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ يَدًا بِيَدٍ[4067,4066]

2958: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کھجور کے بدلے کھجور اور گندم کے بدلے گندم اور جَو کے بدلے جَو اور نمک کے بدلے نمک، برابر اور دست بدست ہو۔ جس نے زیادہ دیا یا زیادہ طلب کیا اس نے سود لیا سوائے اس کے کہ اس کی اجناس مختلف ہوں ایک اور روایت میں یَدً بِیَدٍ کے الفاظ نہیں ہیں۔

2959{84}حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ وَوَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي نُعْمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ وَزْنًا بِوَزْنٍ مِثْلًا بِمِثْلٍ فَمَنْ زَادَ أَوِ اسْتَزَادَ فَهُوَ رِبًا [4068]

2959: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سونا سونے کے عوض ہموزن اور ایک جیسا اور چاندی چاندی کے عوض ہموزن اور ایک جیسی ہو۔ اور جس نے زیادہ دیا یا زیادہ طلب کیا وہ سود ہے۔

2958 :اطراف:**مسلم** کتاب المساقاۃ باب الصرف وبیع الذھب بالورق نقدا 2955 ، 2956 ، 2957 ، 2959 ، 2960
تخریج : **ترمذی** کتاب البیوع باب ما جاء ان الحنطۃ بالحنطۃ مثلا بمثل وکراھیۃ التفاضل فیہ 1240 **نسائی** کتاب البیوع بیع التمر بالتمر 4559 بیع البر بالبر 4560 ، 4561 بیع الشعیر بالشعیر 4562 ، 4563 ، 4564 ، 4565 ، 4566 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی الصرف 3349 **ابن ماجہ** کتاب التجارات باب الصرف وما لا یجوز متفاضلا یدا بید 2253 ، 2254
2959 : **اطراف** : **مسلم** کتاب المساقاۃ باب الصرف وبیع الذھب بالورق نقدا 2960 ، 2958
تخریج :**نسائی** کتاب البیوع بیع الدرھم بالدرھم 4569 **ابن ماجہ** کتاب التجارات باب الصرف وما لا یجوز متفاضلا یدا بید 2255

2960{85}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّه بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي تَمِيمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ قَالَ الدِّينَارُ بِالدِّينَارِ لَا فَضْلَ بَيْنَهُمَا وَالدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ لَا فَضْلَ بَيْنَهُمَا و حَدَّثَنِيه أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّه بْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ أَنَسٍ يَقُولُ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ أَبِي تَمِيمٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [4070,4069]

2960 : حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دینار کے عوض دینار ہو ان دونوں میں کوئی زیادہ نہیں ہونا چاہئے اور درہم کے بدلہ درہم ہو ان دونوں میں کوئی زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

[16]37: بَاب: النَّهْيُ عَنْ بَيْعِ الْوَرِقِ بِالذَّهَبِ دَيْنًا

باب: چاندی کو سونے کے عوض ادھار بیچنے کی ممانعت

2961{86}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ قَالَ بَاعَ شَرِيكٌ لِي وَرِقًا بِنَسِيئَةٍ إِلَى الْمَوْسِمِ أَوْ إِلَى الْحَجِّ فَجَاءَ إِلَيَّ فَأَخْبَرَنِي فَقُلْتُ هَذَا أَمْرٌ لَا يَصْلُحُ قَالَ

2961: ابوالمنہال کہتے ہیں کہ میرے ایک ساتھی نے حج کے زمانہ تک چاندی ادھار پر بیچی۔ وہ میرے پاس آئے اور مجھے بتایا میں نے کہا یہ بات ٹھیک نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اسے بازار میں بیچا ہے تو کسی نے مجھے غلط قرار نہیں دیا۔ (ابوالمنہال)

2960: **اطراف** : **مسلم** کتاب المساقاۃ باب الصرف وبیع الذھب بالورق نقدا 2959

تخریج : **نسائی** کتاب البیوع بیع الدرھم بالدرھم 4569 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب الصرف وما لا یجوز متفاضلا یدا بید2255

2961 : **اطراف** : **مسلم** کتاب المساقاۃ باب النھی عن بیع الورق بالذھب دینا 2962 ، 2963

بخاری کتاب البیوع با ب التجارۃ فی البز 2060 ،2061 باب بیع الورق بالزھب نسیئۃ 2180 ، 2181 کتاب الشرکۃ باب الاشتراک فی الذھب والفضۃ وما یکون فیه الصرف2497،2498 کتاب المناقب باب کیف آخی النبی ﷺ بین اصحابہؓ 3939 3940 **نسائی** کتاب البیوع بیع الفضۃ بالذھب نسیئۃ4575 ،4576 ،4577

قَدْ بِعْتُهُ فِي السُّوقِ فَلَمْ يُنْكِرْ ذَلِكَ عَلَيَّ أَحَدٌ فَأَتَيْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَنَحْنُ نَبِيعُ هَذَا الْبَيْعَ فَقَالَ مَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ فَلَا بَأْسَ بِهِ وَمَا كَانَ نَسِيئَةً فَهُوَ رِبًا وَائْتِ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ فَإِنَّهُ أَعْظَمُ تِجَارَةً مِنِّي فَأَتَيْتُهُ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ مِثْلَ ذَلِكَ [4071]

کہتے ہیں میں حضرت براء بن عازبؓ کے پاس آیا اوران سے پوچھا وہ کہنے لگے نبی علیہ مدینہ تشریف لائے اور ہم یہ تجارت کرتے تھے۔ حضورؐ نے فرمایا ”جودست بدست ہو اس میں حرج نہیں اور جو اُدھار ہو وہ سود ہے“ پھر حضرت براءؓ نے کہا کہ آپ حضرت زید بن ارقمؓ کے پاس جائیں ان کی تجارت مجھ سے بڑی ہے۔ میں ان کے پاس گیا اوران سے پوچھا انہوں نے بھی اسی طرح کہا۔

2962{87}حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حَبِيبٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الْمِنْهَالِ يَقُولُ سَأَلْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ عَنِ الصَّرْفِ فَقَالَ سَلْ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ فَهُوَ أَعْلَمُ فَسَأَلْتُ زَيْدًا فَقَالَ سَلِ الْبَرَاءَ فَإِنَّهُ أَعْلَمُ ثُمَّ قَالَا نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْوَرِقِ بِالذَّهَبِ دَيْنًا [4072]

2962: ابوالمنہال کہتے ہیں میں نے حضرت براء بن عازبؓ سے سونے چاندی کی (باہم) تجارت کے بارہ میں پوچھا تو انہوں نے کہا حضرت زید بن ارقمؓ سے پوچھو، انہیں زیادہ علم ہے اور میں نے حضرت زیدؓ سے پوچھا تو انہوں نے کہا براءؓ سے پوچھو کیونکہ وہ زیادہ علم رکھتے ہیں اور دونوں نے کہا کہ رسول اللہ علیہ نے چاندی کی سونے سے اُدھار تجارت سے منع فرمایا ہے۔

2963{88} حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي

2963: عبدالرحمان بن ابی بکرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ علیہ نے چاندی

2962 : اطراف : مسلم كتاب المساقاة باب النهى عن بيع الورق بالذهب دينا 2961 ، 2963
بخاری كتاب البيوع با ب التجارة فى البز 2060 ، 2061 باب بيع الورق بالزهب نسيئة 2180 ، 2181 كتاب الشركة باب الاشتراک فی الذهب والفضة وما يكون فيه الصرف 2497 ، 2498 كتاب المناقب باب كيف آخى النبى ﷺ بين اصحابهؓ 3939 3940 **نسائی** كتاب البيوع بيع الفضة بالذهب نسيئة 4575 ، 4576 ، 4577
2963 : اطراف : مسلم كتاب المساقاة باب النهى عن بيع الورق بالذهب دينا 2961 ، 2962
بخاری كتاب البيوع با ب التجارة فى البز 2060 ، 2061 باب بيع الورق بالزهب نسيئة 2180 ، 2181 كتاب الشركة باب الاشتراک فی الذهب والفضة وما يكون فيه الصرف 2497 ، 2498 كتاب المناقب باب كيف آخى النبى ﷺ بين اصحابهؓ 3939 3940 **نسائی** كتاب البيوع بيع الفضة بالذهب نسيئة 4575 ، 4576 ، 4577

إِسْحَقَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي بَكْرَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ بِالذَّهَبِ إِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ وَأَمَرَنَا أَنْ نَشْتَرِيَ الْفِضَّةَ بِالذَّهَبِ كَيْفَ شِئْنَا وَنَشْتَرِيَ الذَّهَبَ بِالْفِضَّةِ كَيْفَ شِئْنَا قَالَ فَسَأَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَدًا بِيَدٍ فَقَالَ هَكَذَا سَمِعْتُ حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ عَنْ يَحْيَى وَهُوَ ابْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي إِسْحَقَ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي بَكْرَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرَةَ قَالَ نَهَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [4074,4073]

کے بدلے چاندی اور سونے کے بدلے سونے کی تجارت سے منع فرمایا ہے سوائے اس کے کہ وہ برابر برابر ہو اور ہمیں ارشاد فرمایا کہ ہم چاندی کو سونے کے بدلہ جیسے چاہیں خریدیں اور سونے کو چاندی کے عوض جیسا چاہیں خریدیں۔ راوی کہتے ہیں کہ ان سے ایک شخص نے سوال کیا تو انہوں نے کہا کہ یہ دست بدست ہو۔ انہوں (ابی بکرہؓ) نے کہا کہ میں نے اسی طرح سنا تھا۔

ایک اور روایت میں (نَهَى کی بجائے) نَهَانَا کے الفاظ ہیں۔

[17]38: بَاب: بَيْعُ الْقِلَادَةِ فِيهَا خَرَزٌ وَذَهَبٌ

باب: ہار کی فروخت جس میں منکے اور سونا ہو

2964{89} حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أَبُو هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ عُلَيَّ بْنَ رَبَاحٍ اللَّخْمِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ الْأَنْصَارِيَّ يَقُولُ أُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

2964: حضرت فضالہ بن عبید انصاریؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جبکہ آپؐ خیبر میں تھے ایک ہار لایا گیا جس میں منکے اور سونا تھا اور وہ مالِ غنیمت میں سے تھا جو فروخت ہو رہا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ہار میں جو سونا تھا اس کے بارہ

2964 : **اطراف** : **مسلم** کتاب المساقاة باب بیع القلادة فیها خرز وذهب 2965، 2966، 2967

تخریج : **نسائی** کتاب البیوع بیع القلادة فیها الکرز والذهب بالذهب 4573، 4574 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی حلیة السیف تباع بالدراهم 3351، 3352، 3353

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِخَيْبَرَ بِقِلَادَةٍ فِيهَا خَرَزٌ وَذَهَبٌ وَهِيَ مِنَ الْمَغَانِمِ تُبَاعُ فَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالذَّهَبِ الَّذِي فِي الْقِلَادَةِ فَنُزِعَ وَحْدَهُ ثُمَّ قَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ [4075]

میں ارشادفرمایا وہ الگ نکال لیا گیا پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سونا سونے کے عوض ہموزن ہو۔

2965{90}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ أَبِي شُجَاعٍ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ اشْتَرَيْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ قِلَادَةً بِاثْنَيْ عَشَرَ دِينَارًا فِيهَا ذَهَبٌ وَخَرَزٌ فَفَصَّلْتُهَا فَوَجَدْتُ فِيهَا أَكْثَرَ مِنَ اثْنَيْ عَشَرَ دِينَارًا فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تُبَاعُ حَتَّى تُفَصَّلَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [4077,4076]

2965: حضرت فضالہ بن عبیدؓ کہتے ہیں کہ میں نے غزوہ خیبر کے موقعہ پر بارہ دینار میں ایک ہار خریدا جس میں سونا اور منکے تھے میں نے اسے الگ الگ کیا تو اس میں بارہ دینار سے زیادہ (سونا) پایا۔ میں نے نبی ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپؐ نے فرمایا (ہار) نہ بیچا جائے جب تک کہ الگ الگ نہ کر لیا جائے۔

2966{91}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ ابْنِ أَبِي جَعْفَرٍ عَنِ الْجُلَاحِ أَبِي

2966: حضرت فضالہ بن عبیدؓ کہتے ہیں کہ ہم خیبر کے دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے ہم یہود کے

2965 : **اطراف** : **مسلم** کتاب المساقاۃ باب بیع القلادۃ فیھا خرز وذھب 2966 ، 2967

تخریج : **نسائی** کتاب البیوع بیع القلادۃ فیھا الکرز والذھب بالذھب 4573 ، 4574 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی حلیۃ السیف تباع بالدراھم 3351، 3352 ، 3353

2966 : **اطراف** :**مسلم** کتاب المساقاۃ باب بیع القلادۃ فیھا خرز وذھب 2965، 2967

تخریج : **نسائی** کتاب البیوع بیع القلادۃ فیھا الکرز والذھب بالذھب 4573، 4574 **ابوداؤد** کتاب البیوع باب فی حلیۃ السیف تباع بالدراھم 3351، 3352 ، 3353

كَثِيرٍ حَدَّثَنِي حَنَشٌ الصَّنْعَانِيُّ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ نُبَايِعُ الْيَهُودَ الْوُقِيَّةَ الذَّهَبَ بِالدِّينَارَيْنِ وَالثَّلَاثَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَبِيعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ إِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ [4078]

ساتھ سونے کے ایک اوقیہ کا تبادلہ دو یا تین دیناروں کے ساتھ کر لیتے تھے اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سونے کے عوض سونا نہ بیچو سوائے اس کے کہ ہم وزن ہو۔

2967{92}حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ قُرَّةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَعَافِرِيِّ وَعَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ وَغَيْرِهِمَا أَنَّ عَامِرَ بْنَ يَحْيَى الْمَعَافِرِيَّ أَخْبَرَهُمْ عَنْ حَنَشٍ أَنَّهُ قَالَ كُنَّا مَعَ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ فِي غَزْوَةٍ فَطَارَتْ لِي وَلِأَصْحَابِي قِلَادَةٌ فِيهَا ذَهَبٌ وَوَرِقٌ وَجَوْهَرٌ فَأَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِيَهَا فَسَأَلْتُ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ فَقَالَ انْزِعْ ذَهَبَهَا فَاجْعَلْهُ فِي كِفَّةٍ وَاجْعَلْ ذَهَبَكَ فِي كِفَّةٍ ثُمَّ لَا تَأْخُذَنَّ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَأْخُذَنَّ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ[4079]

2967: حنش کہتے ہیں کہ ہم حضرت فضالہ بن عبیدؓ کے ساتھ ایک غزوہ میں تھے۔ میرے اور میرے ساتھیوں کے حصہ میں ایک ہار آیا۔ جس میں سونا چاندی اور جواہرات تھے۔ میں نے اسے خریدنا چاہا میں نے حضرت فضالہ بن عبیدؓ سے پوچھا۔ انہوں نے کہا کہ اس کا سونا الگ کر لو اور ایک پلڑے میں رکھو اور اپنا سونا دوسرے پلڑے میں رکھو اور ایک جیسے کے سوا ہرگز نہ لو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لاتا ہے وہ سوائے ایک جیسے (سونے کے) کچھ نہ لے۔

2967 : **اطراف** : **مسلم** کتاب المساقاة باب بيع القلادة فيها خرز وذهب 2965 ، 2966

تخریج : **نسائی** كتاب البيوع بيع القلادة فيها الكرز والذهب بالذهب 4573 ، 4574 **ابو داؤد** كتاب البيوع باب فى حلية السيف تباع بالدراهم 3351 ، 3352 ، 3353

[18]39: بَاب: بَيْعُ الطَّعَامِ مِثْلًا بِمِثْلٍ

باب: غلہ کی فروخت جبکہ (دونوں غلے) ایک جیسے ہوں

2968{93} حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو ح و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ أَنَّ أَبَا النَّضْرِ حَدَّثَهُ أَنَّ بُسْرَ بْنَ سَعِيدٍ حَدَّثَهُ عَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ أَرْسَلَ غُلَامَهُ بِصَاعِ قَمْحٍ فَقَالَ بِعْهُ ثُمَّ اشْتَرِ بِهِ شَعِيرًا فَذَهَبَ الْغُلَامُ فَأَخَذَ صَاعًا وَزِيَادَةَ بَعْضِ صَاعٍ فَلَمَّا جَاءَ مَعْمَرًا أَخْبَرَهُ بِذَلِكَ فَقَالَ لَهُ مَعْمَرٌ لِمَ فَعَلْتَ ذَلِكَ انْطَلِقْ فَرُدَّهُ وَلَا تَأْخُذَنَّ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ فَإِنِّي كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الطَّعَامُ بِالطَّعَامِ مِثْلًا بِمِثْلٍ قَالَ وَكَانَ طَعَامُنَا يَوْمَئِذٍ الشَّعِيرَ قِيلَ لَهُ فَإِنَّهُ لَيْسَ بِمِثْلِهِ قَالَ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يُضَارِعَ [4080]

2968: بُسر بن سعید سے روایت ہے کہ معمر بن عبداللہ نے اپنا غلام ایک صاع گندم دے کر بھجوایا اور کہا اس کو بیچو اور (اس قیمت سے) جَو خریدو۔ وہ غلام گیا اور اس کے عوض ایک صاع جَو اور کچھ زائد جَو لئے اور جب وہ حضرت معمرؓ کے پاس آیا تو ان کو یہ بات بتائی۔ حضرت معمرؓ نے کہا کہ تم نے ایسا کیوں کیا؟ جاؤ اور اسے واپس لوٹا دو اور سوائے ایک جیسے کے کچھ نہ لو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے۔ آپؐ فرماتے تھے کہ غلہ کے عوض غلہ برابر ہونا چاہئے اور اس زمانہ میں ہمارا غلہ جو ہی تھا۔ انہیں کہا گیا کہ جو گندم کی مثل تو نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ڈرتا ہوں کہ کہیں یہ مشابہ ہو۔

2969{94} حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ عَبْدِ الْمَجِيدِ بْنِ سُهَيْلِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّهُ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يُحَدِّثُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ وَأَبَا سَعِيدٍ حَدَّثَاهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ

2969: سعید بن مسیّب بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت ابوسعیدؓ نے انہیں بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے قبیلہ بنی عدی کے ایک شخص کو جو انصاری تھے خیبر کا عامل مقرر کر کے بھیجا۔ وہ اعلیٰ قسم کی کھجور لے کر آئے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سے

2969 : اطراف : مسلم کتاب المساقاۃ باب بیع الطعام مثلا بمثل 2970، 2971 ، 2972 ، 2973 =

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ أَخَا بَنِي عَدِيٍّ الْأَنْصَارِيَّ فَاسْتَعْمَلَهُ عَلَى خَيْبَرَ فَقَدِمَ بِتَمْرٍ جَنِيبٍ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هَكَذَا قَالَ لَا وَاللَّهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا لَنَشْتَرِي الصَّاعَ بِالصَّاعَيْنِ مِنَ الْجَمْعِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَفْعَلُوا وَلَكِنْ مِثْلًا بِمِثْلٍ أَوْ بِيعُوا هَذَا وَاشْتَرُوا بِثَمَنِهِ مِنْ هَذَا وَكَذَلِكَ الْمِيزَانُ [4081]

پوچھا کہ کیا خیبر کی ساری کھجور ایسی ہی ہے؟ اس نے کہا نہیں خدا کی قسم یا رسول اللہ! ہم دو صاع عام کھجور دے کر اس کا ایک صاع خریدتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایسا نہ کرو بلکہ ایک جیسی (برابر) چاہیئے یا اس کو فروخت کرو اور اس کی قیمت سے اس میں سے کچھ خریدو اور اسی طرح وزن میں ہونا چاہیئے۔

2970{95}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ الْمَجِيدِ بْنِ سُهَيْلِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ رَجُلًا عَلَى خَيْبَرَ

2970: حضرت ابوسعید خدریؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو خیبر کا عامل مقرر فرمایا وہ ایک اعلیٰ قسم کی کھجور لے کر آیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا کیا خیبر کی ساری کھجور ایسی ہی ہے؟ اس نے کہا نہیں خدا کی قسم یا رسول اللہ! ہم تو اس کا ایک صاع دو صاع

= **تخریج : بخاری** کتاب البیوع باب بیع الخلط من التمر 2080 کتاب البیوع باب اذا اراد بیع تمر بتمر خیر منه 2201 2202 کتاب الوکالة باب الوکالة فی الصرف والمیزان 2302، 2303 کتاب الوکالة باب اذا باع الوکیل شیئا فاسدا فبیعه مردود 2312 کتاب المغازی باب استعمال النبی ﷺ علی اهل خیبر 4244 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة باب اذا اجتهد العامل او الحاکم ... 7350 **نسائی** کتاب البیوع بیع التمر بالتمر متفاضلا 4553، 4554 ، 4555 ، 4556 ، 4557 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب الصرف ومالا یجوز متفاضلا یدا بید 2256

2970 : اطراف : مسلم کتاب المساقاة باب بیع الطعام مثلا بمثل 2969 ، 2971 ، 2972 ، 2973

تخریج : بخاری کتاب البیوع باب بیع الخلط من التمر 2080 کتاب البیوع باب اذا اراد بیع تمر بتمر خیر منه 2201 2202 کتاب الوکالة باب الوکالة فی الصرف والمیزان 2302، 2303 کتاب الوکالة باب اذا باع الوکیل شیئا فاسدا فبیعه مردود 2312 کتاب المغازی باب استعمال النبی ﷺ علی اهل خیبر 4244 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة باب اذا اجتهد العامل او الحاکم ... 7350 **نسائی** کتاب البیوع بیع التمر بالتمر متفاضلا 4553، 4554 ، 4555 ، 4556 ، 4557 **ابن ماجه** کتاب التجارات باب الصرف ومالا یجوز متفاضلا یدا بید 2256

فَجَاءَهُ بِتَمْرٍ جَنِيبٍ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هَكَذَا فَقَالَ لَا وَاللَّهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا لَنَأْخُذُ الصَّاعَ مِنْ هَذَا بِالصَّاعَيْنِ وَالصَّاعَيْنِ بِالثَّلَاثَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا تَفْعَلْ بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاهِمِ جَنِيبًا [4082]

کے بدلے اور دوصاع تین صاع کے عوض لیتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایسا نہ کرو۔ معمولی کھجور فروخت کر کے دراہم لو پھر دراہم سے اعلیٰ کھجور خریدو۔

2971{96}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ التَّمِيمِيُّ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُمَا جَمِيعًا عَنْ يَحْيَى بْنِ حَسَّانَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ وَهُوَ ابْنُ سَلَّامٍ أَخْبَرَنِي يَحْيَى وَهُوَ ابْنُ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَبْدِ الْغَافِرِ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ يَقُولُ جَاءَ بِلَالٌ بِتَمْرٍ بَرْنِيٍّ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَيْنَ هَذَا فَقَالَ بِلَالٌ تَمْرٌ كَانَ عِنْدَنَا رَدِيءٌ فَبِعْتُ مِنْهُ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ لِمَطْعَمِ النَّبِيِّ

2971 : حضرت ابوسعیدؓ کہتے ہیں کہ حضرت بلالؓ برنی کھجور لے کر آئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یہ کہاں سے لائے ہو؟ بلالؓ نے کہا کہ ہمارے پاس کچھ معمولی کھجور تھی۔ مَیں اس کے دوصاع دے کر نبی ﷺ کے کھانے کے لئے ایک صاع خریدلایا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے اس پر فرمایا اوہ! یہ تو عین سود ہے۔ ایسا نہ کرو، ہاں جب کھجور خریدنے کا ارادہ کروتو اس کو الگ بیچو پھر اس (حاصل کردہ رقم) سے (دوسری) خریدو۔

ابن سہل نے اپنی روایت میں ''عِندَ ذَلِک '' کے الفاظ نہیں کہے۔

2971 : اطراف : مسلم كتاب المساقاة باب بيع الطعام مثلا بمثل 2969 ، 2970 ، 2972 ، 2973

تخريج : بخارى كتاب البيوع باب بيع الخلط من التمر 2080 كتاب البيوع باب اذا اراد بيع تمر بتمر خير منه 2201 ، 2202 كتاب الوكالة باب الوكالة فى الصرف والميزان 2302، 2303 كتاب الوكالة باب اذا باع الوكيل شيئا فاسدا فبيعه مردود 2312 كتاب المغازى باب استعمال النبىﷺ على اهل خيبر 4244 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب اذا اجتهد العامل والحاكم... 7350 **نسائى** كتاب البيوع بيع التمر بالتمر متفاضلا 4553، 4554 ، 4555 ، 4556 ، 4557 **ابن ماجه** كتاب التجارات باب الصرف ومالا يجوز متفاضلا يدا بيد 2256

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ عِنْدَ ذَلِكَ أَوَّهْ عَيْنُ الرِّبَا لَا تَفْعَلْ وَلَكِنْ إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَشْتَرِيَ التَّمْرَ فَبِعْهُ بِبَيْعٍ آخَرَ ثُمَّ اشْتَرِ بِهِ لَمْ يَذْكُرْ ابْنُ سَهْلٍ فِي حَدِيثِهِ عِنْدَ ذَلِكَ [4083]

2972{97} وحَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنْ أَبِي قَزَعَةَ الْبَاهِلِيِّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ أُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ فَقَالَ مَا هَذَا التَّمْرُ مِنْ تَمْرِنَا فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُولَ اللَّهِ بِعْنَا تَمْرَنَا صَاعَيْنِ بِصَاعٍ مِنْ هَذَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ هَذَا الرِّبَا فَرُدُّوهُ ثُمَّ بِيعُوا تَمْرَنَا وَاشْتَرُوا لَنَا مِنْ هَذَا [4084]

2972: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس کچھ کھجوریں لائی گئیں۔آپؐ نے فرمایا یہ کھجور ہماری کھجور میں سے تونہیں ہے۔اس شخص نے عرض کیا کہ یارسولؐ اللہ! ہم نے اپنی کھجور کے دوصاع دے کراس کھجور کا ایک صاع لیا ہے۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ سود ہے اسے واپس کرو۔پھر ہماری کھجور فروخت کرو،ہمارے لئے اِس (حاصل شدہ رقم) سے یہ خریدو۔

2973{98}حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى عَنْ شَيْبَانَ عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ كُنَّا نُرْزَقُ تَمْرَ الْجَمْعِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ

2973: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ''جمع'' کھجور دی جاتی تھی اور وہ ملی جُلی کھجوریں ہوتی تھیں اورہم اس کے دوصاع دے کرایک صاع لیتے تھے۔

2972 : اطراف : **مسلم** كتاب المساقاة باب بيع الطعام مثلا بمثل 2969 ، 2970 ، 2971 ، 2973

تخريج : **بخارى** كتاب البيوع باب بيع الخلط من التمر 2080 كتاب البيوع باب اذا اراد بيع تمر بتمر خير منه 2201 ، 2202 كتاب الوكالة باب الوكالة فى الصرف والميزان 2302، 2303 كتاب الوكالة باب اذا باع الوكيل شيئا فاسدا فبيعه مردود 2312 كتاب المغازى باب استعمال النبى ﷺ على اهل خيبر 4244 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب اذا اجتهد العامل او الحاكم ... 7350 **نسائى** كتاب البيوع بيع التمر بالتمر متفاضلا 4553، 4554 ، 4555 ، 4556 ، 4557 **ابن ماجه** كتاب التجارات باب الصرف ومالا يجوز متفاضلا يدا بيد 2256

2973 : اطراف : **مسلم** كتاب المساقاة باب بيع الطعام مثلا بمثل 2969، 2970 ، 2971 ، 2973 =

اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الْخِلْطُ مِنْ التَّمْرِ فَكُنَّا نَبِيعُ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا صَاعَيْ تَمْرٍ بِصَاعٍ وَلَا صَاعَيْ حِنْطَةٍ بِصَاعٍ وَلَا دِرْهَمَ بِدِرْهَمَيْنِ [4085]

رسول اللہ ﷺ کو اس کی اطلاع ملی تو آپؐ نے فرمایا کھجور کے دو صاع ایک صاع کے بدلے نہیں۔ نہ ہی گندم کے دو صاع کے عوض ایک صاع گندم نہ دو درہم کے بدلے ایک دِرہم۔

2974{99} حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّرْفِ فَقَالَ أَيَدًا بِيَدٍ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَلَا بَأْسَ بِهِ فَأَخْبَرْتُ أَبَا سَعِيدٍ فَقُلْتُ إِنِّي سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّرْفِ فَقَالَ أَيَدًا بِيَدٍ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَلَا بَأْسَ بِهِ قَالَ أَوَ قَالَ ذَلِكَ إِنَّا سَنَكْتُبُ إِلَيْهِ فَلَا يُفْتِيكُمُوهُ قَالَ فَوَاللَّهِ لَقَدْ جَاءَ بَعْضُ فِتْيَانِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ فَأَنْكَرَهُ فَقَالَ كَأَنَّ هَذَا لَيْسَ مِنْ تَمْرِ أَرْضِنَا قَالَ كَانَ فِي تَمْرِ أَرْضِنَا أَوْ فِي تَمْرِنَا الْعَامَ بَعْضُ الشَّيْءِ فَأَخَذْتُ هَذَا وَزِدْتُ بَعْضَ الزِّيَادَةِ فَقَالَ

2974: ابونضرہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباسؓ سے سونے چاندی کے تبادلہ کے بارہ میں پوچھا انہوں نے کہا کیا دست بدست؟ تو میں نے کہا ہاں انہوں نے کہا اس میں حرج نہیں۔ پھر میں نے (یہ بات) حضرت ابوسعیدؓ کو بتائی میں نے کہا کہ میں نے حضرت ابن عباسؓ سے سونے چاندی کی بیع کے بارہ میں پوچھا تھا۔ انہوں نے کہا کیا دست بدست؟ میں نے کہا ہاں تو انہوں نے کہا اس میں کوئی حرج نہیں۔ انہوں (حضرت ابوسعیدؓ) نے کہا کیا انہوں (حضرت ابن عباسؓ) نے ایسا کہا تھا! ہم انہیں عنقریب لکھیں گے پھر وہ تمہیں یہ فتویٰ نہیں دیں گے پھر انہوں (حضرت ابوسعیدؓ) نے کہا کہ خدا کی قسم رسول اللہ ﷺ کا کوئی خادم کھجور لے کر آیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے اوپرا

تخریج : بخاری كتاب البيوع باب بيع الخلط من التمر 2080 كتاب البيوع باب اذا اراد بيع تمر بتمر خير منه 2201 2202 كتاب الوكالة باب الوكالة فى الصرف والميزان 2302، 2303 كتاب الوكالة باب اذا باع الوكيل شيئا فاسدا فبيعه مردود 2312 كتاب المغازى باب استعمال النبىﷺ على اهل خيبر 4244 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب اذا اجتهد العامل او الحاكم ..7350 **نسائى** كتاب البيوع بيع التمر بالتمر متفاضلا 4553، 4554 ، 4555 ، 4556 ، 4557 **ابن ماجه** كتاب التجارات باب الصرف ومالا يجوز متفاضلا يدا بيد 2256

2974 : **اطراف:مسلم** كتاب المساقاة باب بيع الطعام مثلا بمثل 2975

تخریج :نسائى كتاب البيوع بيع التمر بالتمر متفاضلا 4554، 4557

أَضْعَفْتَ أَرْبَيْتَ لَا تَقْرَبَنَّ هَذَا إِذَا رَابَكَ مِنْ تَمْرِكَ شَيْءٌ فَبِعْهُ ثُمَّ اشْتَرِ الَّذِي تُرِيدُ مِنَ التَّمْرِ [4086]

سمجھا اور فرمایا شاید یہ ہماری زمین کی کھجور نہیں۔اس (خادم) نے بتایا کہ ہماری زمین کی کھجور میں یا (کہا) ہماری کھجور میں اس سال کوئی بات تھی تو میں نے یہ لے لی اور کچھ (اپنی کھجور) زیادہ دے دی۔ آپؐ نے فرمایا تم نے زیادہ دیا تو سود دیا۔اس کے قریب (بھی) مت جاؤ۔جب تمہیں اپنی کھجور میں سے کوئی چیز پسند نہ آئے تو اسے فروخت کردو، پھر اس کھجور میں سے جو تم چاہتے ہو خرید لو۔

2975{100}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى أَخْبَرَنَا دَاوُدُ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ وَابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّرْفِ فَلَمْ يَرَيَا بِهِ بَأْسًا فَإِنِّي لَقَاعِدٌ عِنْدَ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ فَسَأَلْتُهُ عَنِ الصَّرْفِ فَقَالَ مَا زَادَ فَهُوَ رِبًا فَأَنْكَرْتُ ذَلِكَ لِقَوْلِهِمَا فَقَالَ لَا أُحَدِّثُكَ إِلَّا مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَهُ صَاحِبُ نَخْلِهِ بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ طَيِّبٍ وَكَانَ تَمْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا اللَّوْنَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّى لَكَ هَذَا قَالَ انْطَلَقْتُ بِصَاعَيْنِ فَاشْتَرَيْتُ بِهِ هَذَا الصَّاعَ فَإِنَّ سِعْرَ هَذَا فِي السُّوقِ كَذَا وَسِعْرَ هَذَا كَذَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ

2975: ابونضرہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمرؓ اور حضرت ابن عباسؓ سے سونے چاندی کی تجارت کے بارہ میں پوچھا تو ان دونوں نے اس میں کوئی حرج نہیں سمجھا اور میں حضرت ابوسعید خدریؓ کے پاس بیٹھا تھا میں نے ان سے سونے چاندی کی تجارت کے بارہ میں پوچھا انہوں نے کہا جو زیادہ ہو وہ سود ہوگا۔مجھے یہ بات ان دونوں (حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابن عمرؓ) کے قول کی وجہ سے اوپری لگی۔وہ کہنے لگے میں تو تمہیں صرف وہی حدیث سنا رہا ہوں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے۔حضورؐ کی خدمت میں آپؐ کی کھجوروں کے درخت کا منتظم ایک صاع عمدہ کھجور لایا اور نبی ﷺ کی کھجور اس قسم کی تھی۔نبی ﷺ نے اسے فرمایا یہ تمہیں کہاں سے ملی ہے؟ وہ کہنے لگا میں اپنی

2975 : اطراف : مسلم کتاب المساقاة باب بيع الطعام مثلا بمثل 2974

تخریج : نسائی کتاب البیوع بیع التمر بالتمر متفاضلا 4554، 4557

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْلَكَ أَرْبَيْتَ إِذَا أَرَدْتَ ذَلِكَ فَبِعْ تَمْرَكَ بِسِلْعَةٍ ثُمَّ اشْتَرِ بِسِلْعَتِكَ أَيَّ تَمْرٍ شِئْتَ قَالَ أَبُو سَعِيد فَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ أَحَقُّ أَنْ يَكُونَ رِبًا أَمْ الْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ قَالَ فَأَتَيْتُ ابْنَ عُمَرَ بَعْدُ فَنَهَانِي وَلَمْ آتِ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ فَحَدَّثَنِي أَبُو الصَّهْبَاءِ أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْهُ بِمَكَّةَ فَكَرِهَهُ [4087]

کھجور کے دو صاع لے کر گیا اور اس کے عوض اس کھجور کا یہ ایک صاع خریدا ہے اور اس کھجور کی قیمت بازار میں یہ ہے اور اس کی وہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا تیرا بھلا ہو۔ تو نے سود دیا ہے۔ اگر تم ایسا کرنا ہی چاہو تو اپنی کھجور ایک سودے میں فروخت کرو۔ پھر اپنے اس سودے سے جو کھجور چاہو خریدو۔ حضرت ابوسعیدؓ کہتے تھے کہ کھجور کے بدلے کھجور کے سود ہونے کا زیادہ امکان ہے یا چاندی کے عوض چاندی کے (سود ہونے کا)۔ (ابونضرہ) کہتے ہیں میں بعد میں حضرت ابن عمرؓ کے پاس گیا تو انہوں نے مجھے منع کیا اور میں حضرت ابن عباسؓ کے پاس نہیں گیا۔ راوی کہتے ہیں کہ ابوالصہباء نے مجھے بتایا کہ انہوں نے مکہ میں حضرت ابن عباسؓ سے اس بارہ میں پوچھا تو انہوں نے اسے ناپسند کیا۔

2976{101}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ جَمِيعًا عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَاللَّفْظُ لِابْنِ عَبَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ أَبِي صَالِحٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ الدِّينَارُ بِالدِّينَارِ وَالدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ مِثْلًا بِمِثْلٍ مَنْ زَادَ أَوِ ازْدَادَ فَقَدْ أَرْبَى فَقُلْتُ لَهُ

2976: ابوصالح سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت ابوسعید خدریؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ ''دینار دینار کے عوض اور درہم درہم کے عوض برابر برابر ہو۔ جس نے زیادہ دیا یا زیادہ طلب کیا اس نے سودی کام کیا'' میں نے انہیں کہا کہ ابن عباسؓ اس سے مختلف کہتے تھے۔ وہ کہنے لگے کہ میں ابن عباسؓ سے ملا تھا اور ان سے پوچھا تھا کہ بتائیں تو سہی جو

2976 : **اطراف** : **مسلم** كتاب المساقاة باب بيع الطعام مثلا بمثل 2977 ، 2978 ، 2979

تخريج : **بخاری** كتاب البيوع باب بيع الفضة بالفضة 2176 باب بيع الدينار بالدينار نساء 2179 **نسائی** كتاب البيوع بيع الفضة بالذهب وبيع الذهب بالفضة 4580 ، 4581 **ابن ماجه** كتاب التجارات من قال لا ربا الا فى النسيئة 2257

إنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ غَيْرَ هَذَا فَقَالَ لَقَدْ لَقِيتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ أَرَأَيْتَ هَذَا الَّذِي تَقُولُ أَشَيْءٌ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ وَجَدْتَهُ فِي كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ لَمْ أَسْمَعْهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ أَجِدْهُ فِي كِتَابِ اللَّهِ وَلَكِنْ حَدَّثَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرِّبَا فِي النَّسِيئَةِ [4088]

آپ کہتے ہیں اس کے بارہ میں آپ کا کیا خیال ہے؟ کیا آپ نے یہ بات رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے یا اللہ عزّ وجل کی کتاب میں اسے پایا ہے؟ وہ کہنے لگے نہ میں نے یہ رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے نہ اللہ کی کتاب میں اسے پایا ہے لیکن اُسامہ بن زیدؓ نے مجھے بتایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ سود اُدھار میں ہے۔

2977{102}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِعَمْرٍو قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا وَقَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّمَا الرِّبَا فِي النَّسِيئَةِ [4089]

2977: حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ اُسامہ بن زیدؓ نے مجھے بتایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ سود صرف اُدھار میں ہے۔

2978{103}حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ

2978: حضرت ابن عباسؓ حضرت اُسامہ بن زیدؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

2977 : **اطراف**: **مسلم** کتاب المساقاة باب بيع الطعام مثلا بمثل 2976 ، 2978 ، 2979

تخريج : **بخاری** كتاب البيوع باب بيع الفضة بالفضة 2176 باب بيع الدينار بالدينار نساء 2179 **نسائی** كتاب البيوع بيع الفضة بالذهب وبيع الذهب بالفضة 4580 ، 4581 **ابن ماجه** كتاب التجارات من قال لا ربا الا فى النسيئة 2257

2978 : **اطراف**: **مسلم** کتاب المساقاة باب بيع الطعام مثلا بمثل 2976 ، 2977 ، 2979

تخريج : **بخاری** كتاب البيوع باب بيع الفضة بالفضة 2176 باب بيع الدينار بالدينار نساء 2179 **نسائی** كتاب البيوع بيع الفضة بالذهب وبيع الذهب بالفضة 4580 ، 4581 **ابن ماجه** كتاب التجارات من قال لا ربا الا فى النسيئة 2257

حَدَّثَنَا بَهْزٌ قَالَا حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا رِبًا فِيمَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ[4090]

کہ جو (تجارت) دست بدست ہو اس میں کوئی سود نہیں۔

2979{104} حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا هِقْلٌ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ لَقِيَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَهُ أَرَأَيْتَ قَوْلَكَ فِي الصَّرْفِ أَشَيْئًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْ شَيْئًا وَجَدْتَهُ فِي كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَلَّا لَا أَقُولُ أَمَّا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْتُمْ أَعْلَمُ بِهِ وَأَمَّا كِتَابُ اللَّهِ فَلَا أَعْلَمُهُ وَلَكِنْ حَدَّثَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا إِنَّمَا الرِّبَا فِي النَّسِيئَةِ [4091]

2979: اوزاعی کہتے ہیں کہ عطاء بن ابی رباح نے مجھے بتایا کہ حضرت ابوسعید خدریؓ حضرت ابن عباسؓ سے ملے اور ان سے کہا کہ فرمایئے سونے چاندی کی تجارت کے بارہ میں جو آپ کا قول ہے کیا وہ ایسی بات ہے جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی یا کوئی ایسی چیز ہے جسے آپ نے اللہ عزّ وجلّ کی کتاب میں پایا ہے؟ حضرت ابن عباسؓ نے کہا ہرگز نہیں۔ میں یہ نہیں کہتا جہاں تک رسول اللہ ﷺ کا تعلق ہے تو آپ لوگ اس بارہ میں زیادہ جانتے ہیں اور جہاں تک اللہ کی کتاب کا تعلق ہے تو اس کا مجھے پتہ نہیں ہاں مگر اُسامہ بن زیدؓ نے مجھے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سنو! سود صرف اُدھار میں ہے۔

2979 : اطراف: **مسلم** کتاب المساقاة باب بيع الطعام مثلا بمثل 2976 ، 2977 ، 2979

تخریج : **بخاری** كتاب البيوع باب بيع الفضة بالفضة 2176 باب بيع الدينار بالدينار نساء 2179 **نسائی** كتاب البيوع بيع الفضة بالذهب وبيع الذهب بالفضة 4580 ، 4581 **ابن ماجه** كتاب التجارات من قال لا ربا الا فی النسيئة 2257

[19]40: بَاب لَعْنِ آكِلِ الرِّبَا وَمُؤْكِلِه

سود کھانے اور کھلانے والے پر لعنت کا بیان

2980{105}حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لِعُثْمَانَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا وَقَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مُغِيرَةَ قَالَ سَأَلَ شِبَاكٌ إِبْرَاهِيمَ فَحَدَّثَنَا عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آكِلَ الرِّبَا وَمُؤْكِلَهُ قَالَ قُلْتُ وَكَاتِبَهُ وَشَاهِدَيْهِ قَالَ إِنَّمَا نُحَدِّثُ بِمَا سَمِعْنَا [4092]

2980: علقمہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سود کھانے والے اور کھلانے والے پر لعنت کی ہے۔ راوی (علقمہ) کہتے ہیں میں نے کہا اور اس کے لکھنے والے اور اس کے دونوں گواہوں پر (بھی)۔ انہوں (حضرت عبداللہؓ) نے کہا ہم وہی بیان کرتے ہیں جو ہم نے سنا۔

2981{106}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالُوا حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آكِلَ الرِّبَا وَمُؤْكِلَهُ وَكَاتِبَهُ وَشَاهِدَيْهِ وَقَالَ هُمْ سَوَاءٌ [4093]

2981: حضرت جابرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سود کھانے اور کھلانے والے اور اس کے لکھنے والے اور اس کے دونوں گواہوں پر لعنت کی ہے اور فرمایا کہ وہ سب برابر ہیں۔

2980 : اطراف : **مسلم** کتاب المساقاۃ باب بیع الطعام مثلا بمثل 2981

تخریج : ترمذی کتاب البیوع باب ماجاء فی اکل الربا 1206 **نسائی** کتاب الطلاق احلال المطلقۃ ثلاثا 3416

ابوداؤد کتاب البیوع باب فی آکل الربا وموکلہ 3333 **ابن ماجہ** کتاب التجارات باب التغلیظ فی الربا 2277

2981 : اطراف : **مسلم** کتاب المساقاۃ باب بیع الطعام مثلا بمثل 2980

تخریج : ترمذی کتاب البیوع باب ماجاء فی اکل الربا 1206 **نسائی** کتاب الطلاق احلال المطلقۃ ثلاثا 3416

ابوداؤد کتاب البیوع باب فی آکل الربا وموکلہ 3333 **ابن ماجہ** کتاب التجارات باب التغلیظ فی الربا 2277

[20]41:بَاب أَخْذِ الْحَلَالِ وَتَرْكِ الشُّبُهَاتِ

حلال لینے اور شبہات کو چھوڑنے کا بیان

2982{107}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَأَهْوَى النُّعْمَانُ بِإِصْبَعَيْهِ إِلَى أُذُنَيْهِ إِنَّ الْحَلَالَ بَيِّنٌ وَإِنَّ الْحَرَامَ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا مُشْتَبِهَاتٌ لَا يَعْلَمُهُنَّ كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ فَمَنِ اتَّقَى الشُّبُهَاتِ اسْتَبْرَأَ لِدِينِهِ وَعِرْضِهِ وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ وَقَعَ فِي الْحَرَامِ كَالرَّاعِي يَرْعَى حَوْلَ الْحِمَى يُوشِكُ أَنْ يَرْتَعَ فِيهِ أَلَا وَإِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى أَلَا وَإِنَّ حِمَى اللَّهِ مَحَارِمُهُ أَلَا وَإِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً إِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهُ وَإِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ أَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ قَالَا حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ

2982:حضرت نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے اور نعمانؓ اپنی دونوں انگلیاں اپنے دونوں کانوں تک لے گئے اور کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ حلال (بھی) واضح ہے اور حرام (بھی) واضح ہے اور ان دونوں کے درمیان مشتبہ باتیں ہیں جنہیں اکثر لوگ نہیں جانتے۔ پس جو شخص شبہات سے بچا اس نے اپنے دین اور عزت کو بچالیا اور جو شبہات میں پڑ گیا وہ حرام میں داخل ہو گیا۔ اس چرواہے کی طرح جو کسی محفوظ علاقہ کے گرد (جانور) چراتا ہے بعید نہیں کہ وہ (جانور) اس (چراگاہ) کے اندر چرنے لگ جائے۔ خبردار ہر بادشاہ کا ایک ممنوعہ علاقہ ہوتا ہے اور سنو! اللہ کا ممنوعہ علاقہ اس کی حرام کی ہوئی چیزیں ہیں۔ سنو! جسم میں ایک لوتھڑا ہے اگر وہ صحیح ہو تو سارا جسم صحیح ہوگا۔ اگر وہ خراب ہو تو سارا جسم خراب ہوگا اور سنو وہ دل ہے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ عامر شعبی نے رسول اللہ ﷺ کے صحابی حضرت نعمانؓ بن بشیر بن سعد کو حمص میں لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے سنا۔ وہ کہہ رہے

2982 : **بخاری** كتاب الايمان باب فضل من استبرأ لدينه 52 كتاب البيوع باب الحلال بين والحرام بيّن 2051 **ترمذی** كتاب البيوع باب ما جاء في ترك الشبهات 1205 **نسائی** كتاب البيوع باب اجتناب الشبهات في الكسب 4453 كتاب الاشربة الحث على ترك الشبهات 5710 **ابوداؤد** كتاب البيوع باب في اجتناب الشبهات 3329 **ابن ماجه** كتاب الفتن باب وقوف عن الشبهات 3984

مِثْلَهُ و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ وَأَبِي فَرْوَةَ الْهَمْدَانِيِّ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَارِيَّ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعِيدٍ كُلُّهُمْ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ غَيْرَ أَنَّ حَدِيثَ زَكَرِيَّاءَ أَتَمُّ مِنْ حَدِيثِهِمْ وَأَكْثَرُ

{108} حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي هِلَالٍ عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ نُعْمَانَ بْنَ بَشِيرِ بْنِ سَعْدٍ صَاحِبَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ النَّاسَ بِحِمْصَ وَهُوَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْحَلَالُ بَيِّنٌ وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ زَكَرِيَّاءَ عَنِ الشَّعْبِيِّ إِلَى قَوْلِهِ يُوشِكُ أَنْ يَقَعَ فِيهِ[4094,4095,4096,4097]

تھے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حلال بھی واضح ہے اور حرام بھی واضح ہے۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر اس میں (يُوشِكُ اَنْ يَرْتَعَ فِيْهِ کی بجائے) يُوشِكُ اَنْ يَقَعَ فِيْهِ کے الفاظ ہیں۔ یعنی قریب ہے کہ وہ چراگاہ میں پڑ جائے۔

[21]42:بَاب بَيْعِ الْبَعِيرِ وَاسْتِثْنَاءِ رُكُوبِهِ

اونٹ کی فروخت کا بیان اور اس پر سواری کا استثناء کرنا

2983{109}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ عَنْ عَامِرٍ حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ كَانَ يَسِيرُ عَلَى جَمَلٍ لَهُ قَدْ أَعْيَا فَأَرَادَ أَنْ يُسَيِّبَهُ قَالَ فَلَحِقَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا لِي وَضَرَبَهُ فَسَارَ سَيْرًا لَمْ يَسِرْ مِثْلَهُ قَالَ بِعْنِيهِ بِوُقِيَّةٍ قُلْتُ لَا ثُمَّ قَالَ بِعْنِيهِ فَبِعْتُهُ بِوُقِيَّةٍ وَاسْتَثْنَيْتُ عَلَيْهِ حُمْلَانَهُ إِلَى أَهْلِي فَلَمَّا بَلَغْتُ أَتَيْتُهُ بِالْجَمَلِ فَنَقَدَنِي ثَمَنَهُ ثُمَّ رَجَعْتُ فَأَرْسَلَ فِي أَثَرِي فَقَالَ أَتُرَانِي مَاكَسْتُكَ لِآخُذَ جَمَلَكَ خُذْ جَمَلَكَ وَدَرَاهِمَكَ فَهُوَ لَكَ و حَدَّثَنَاه عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ أَخْبَرَنَا عِيسَى يَعْنِي ابْنَ يُونُسَ عَنْ زَكَرِيَّاءَ عَنْ عَامِرٍ حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ نُمَيْرٍ [4098,4099]

2983: حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ وہ اپنے اونٹ پر سفر کر رہے تھے جو تھک کر رہ گیا۔ انہوں نے اسے چھوڑ دینے کا ارادہ کر لیا۔ وہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ مجھے آ ملے اور میرے لئے دعا کی اور اسے ضرب لگائی تو وہ ایسی رفتار سے چلنے لگا کہ پہلے کبھی ایسا نہ چلا تھا۔ آپؐ نے فرمایا مجھے یہ ایک اوقیہ میں بیچ دو۔ میں نے عرض کیا نہیں[1] آپؐ نے پھر فرمایا مجھے یہ بیچ دو۔ میں نے آپؐ کو ایک اوقیہ میں بیچ دیا اور اپنے گھر والوں تک اس پر سواری کی استثناء کر لی۔ جب میں پہنچ گیا تو آپؐ کے پاس اونٹ لے کر آیا۔ آپؐ نے مجھے اس کی قیمت ادا کر دی۔ پھر میں واپس لوٹا۔ آپؐ نے مجھے بلوایا اور فرمایا کیا تم میرے بارے میں خیال کرتے ہو کہ میں نے تمہیں کم قیمت لگائی ہے تا کہ تمہارا اونٹ لے لوں۔ اپنا اونٹ اور درہم لے جاؤ، یہ تمہارے ہیں۔[2]

1: حضرت جابرؓ چاہتے تھے کہ حضور ﷺ بغیر قیمت ادا کرنے کے یہ اونٹ ان کی طرف سے قبول فرمائیں جیسا کہ ایک اور روایت میں وضاحتاً بیان ہے۔

2: یہ روایت بخاری میں 17 مرتبہ آئی ہے مگر ان میں خط کشیدہ الفاظ نہیں ہیں۔

2983 : اطراف : مسلم كتاب صلاة المسافرين باب استحباب الركعتين في المسجد لمن قدم من سفر اول قدومه 1161، 1162 كتاب الرضاع باب استحباب نكاح ذات الدين 2648 باب استحباب نكاح البكر 2649 ،2650 ، 2651 ، 2652 ، 2653 كتاب المساقاة باب بيع البعير واثتناء ركوبه 2984، 2985، 2986، 2987

تخريج : بخارى كتاب البيوع باب شراء الدواب والحمير 2097 كتاب الوكالة باب اذا وكل رجل رجلا ان يعطى شيئا ... 2309 كتاب المظالم باب من عقل بعيره على البلاط او باب المسجد 2470 كتاب الهبة وفضلها والتحريض عليها باب الهبة المقبوضة وغير المقبوضة2603، 2604 كتاب الشروط باب اذا اشترط البائع ظهر الدابة الى مكان مسمى جاز 2718 =

2984{110}حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لِعُثْمَانَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا وَقَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مُغِيرَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَلَاحَقَ بِي وَتَحْتِي نَاضِحٌ لِي قَدْ أَعْيَا وَلَا يَكَادُ يَسِيرُ قَالَ فَقَالَ لِي مَا لِبَعِيرِكَ قَالَ قُلْتُ عَلِيلٌ قَالَ فَتَخَلَّفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَجَرَهُ وَدَعَا لَهُ فَمَا زَالَ بَيْنَ يَدَيِ الْإِبِلِ قُدَّامَهَا يَسِيرُ قَالَ فَقَالَ لِي كَيْفَ تَرَى بَعِيرَكَ قَالَ قُلْتُ بِخَيْرٍ قَدْ أَصَابَتْهُ بَرَكَتُكَ قَالَ أَفَتَبِيعُنِيهِ فَاسْتَحْيَيْتُ وَلَمْ يَكُنْ لَنَا نَاضِحٌ

2984: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں شریک تھا۔ آپؐ مجھے آ ملے۔ میری سواری میرا پانی کھینچنے والا اونٹ تھا جو تھک گیا تھا اور چلتا نہ تھا۔ وہ کہتے ہیں آپؐ نے مجھ سے پوچھا تمہارے اونٹ کو کیا ہوا ہے؟ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا کہ بیمار ہے۔ وہ کہتے ہیں تو رسول اللہ ﷺ پیچھے ہٹے اور اسے انگیخت کی اور اس کے لئے دعا کی۔ پس وہ سب اونٹوں سے آگے آگے چلنے لگا۔ وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا اب اپنے اونٹ کو کیسا پاتے ہو؟ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا بہت اچھا۔ اسے آپؐ کی برکت پہنچی ہے۔ آپؐ نے فرمایا کیا تم اسے میرے پاس بیچتے ہو؟ مجھے شرم آئی اور ہمارا اس کے

=کتاب الجهاد والسير باب من ضرب دابة غيره فى الغزو 2861 باب استيذا ن الرجل الامام 2967 **نسائی** كتاب البيوع البيع يكون فيه الشرط فيصح البيع والشرط 4637 4638 ،4639

2984 : **اطراف:مسلم** كتاب صلاة المسافرين باب استحباب الركعتين فى المسجد لمن قدم من سفر اول قدومه 1161 1162كتاب الرضاع باب استحباب نكاح ذات الدين 2648 باب استحباب نكاح البكر 2649 ،2650 ، 2651 ، 2652 2653 كتاب المساقاة باب بيع البعير واثتناء ركوبه 2983 ، 2985 ، 2986 ، 2987

تخريج : بخارى كتاب البيوع باب شراء الدواب والحمير 2097 كتاب الوكالة باب اذا وكل رجل رجلا ان يعطى شيئا ... 2309 كتاب المظالم باب من عقل بعيره على البلاط او باب المسجد 2470 كتاب الهبة وفضلها والتحريض عليها باب الهبة المقبوضة وغير المقبوضة ...26033 ، 2604 كتاب الشروط باب اذا اشترط البائع ظهر الدابة الى مكان مسمى جاز 2718 كتاب الجهاد والسير باب من ضرب دابة غيره فى الغزو 2861 باب استيذا ن الرجل الامام 2967 كتاب النكاح باب طلب الولد 5245 باب تستحد المغيبة ومشط الشعثة 5247 **ترمذى** كتاب النكاح باب ماجاء فى تزويج الابكار 1100 **نسائى** كتاب النكاح الابكار 3219 ، 3220 على ما تنكح المرأة 3226 كتاب البيوع البيع يكون فيه الشرط فيصح البيع والشرط 4637 4638 ، 4639 ، 4640 ، 4641 **ابوداؤد** كتاب النكاح باب فى تزويج الابكار 2048 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب تزويج الابكار 1860

غَيْرُهُ قَالَ فَقُلْتُ نَعَمْ فَبِعْتُهُ إِيَّاهُ عَلَى أَنَّ لِي
فَقَارَ ظَهْرِهِ حَتَّى أَبْلُغَ الْمَدِينَةَ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ
يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي عَرُوسٌ فَاسْتَأْذَنْتُهُ فَأَذِنَ
لِي فَتَقَدَّمْتُ النَّاسَ إِلَى الْمَدِينَةِ حَتَّى
انْتَهَيْتُ فَلَقِيَنِي خَالِي فَسَأَلَنِي عَنِ الْبَعِيرِ
فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا صَنَعْتُ فِيهِ فَلَامَنِي فِيهِ قَالَ
وَقَدْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ قَالَ لِي حِينَ اسْتَأْذَنْتُهُ مَا تَزَوَّجْتَ
أَبِكْرًا أَمْ ثَيِّبًا فَقُلْتُ لَهُ تَزَوَّجْتُ ثَيِّبًا قَالَ
أَفَلَا تَزَوَّجْتَ بِكْرًا تُلَاعِبُكَ وَتُلَاعِبُهَا
فَقُلْتُ لَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ تُوُفِّيَ وَالِدِي أَوِ
اسْتُشْهِدَ وَلِي أَخَوَاتٌ صِغَارٌ فَكَرِهْتُ أَنْ
أَتَزَوَّجَ إِلَيْهِنَّ مِثْلَهُنَّ فَلَا تُؤَدِّبُهُنَّ وَلَا تَقُومُ
عَلَيْهِنَّ فَتَزَوَّجْتُ ثَيِّبًا لِتَقُومَ عَلَيْهِنَّ
وَتُؤَدِّبَهُنَّ قَالَ فَلَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ غَدَوْتُ إِلَيْهِ
بِالْبَعِيرِ فَأَعْطَانِي ثَمَنَهُ وَرَدَّهُ عَلَيَّ {111}
حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ
عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ
جَابِرٍ قَالَ أَقْبَلْنَا مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ مَعَ
رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَلَّ
جَمَلِي وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِقِصَّتِهِ وَفِيهِ ثُمَّ
قَالَ لِي بِعْنِي جَمَلَكَ هَذَا قَالَ قُلْتُ لَا بَلْ

علاوہ کوئی پانی لانے والا اونٹ نہ تھا۔ وہ کہتے ہیں میں
نے کہا جی ہاں اور مَیں نے اسے آپؐ کے پاس بیچ دیا
اس بات پر کہ مدینہ پہنچنے تک میں اس پر سوار رہوں گا۔
وہ کہتے ہیں کہ میں نے آپؐ سے عرض کیا یا رسولؐ اللہ!
میں نے نئی نئی شادی کی ہے اور میں نے آپؐ سے
اجازت چاہی۔ آپؐ نے مجھے اجازت دے دی اور
میں مدینہ کی طرف لوگوں سے آگے نکل گیا اور وہاں
پہنچ گیا۔ میرے ماموں مجھے ملے انہوں نے مجھ سے
اونٹ کے بارہ میں پوچھا۔ میں نے اس کے بارہ میں
جو میں نے کیا تھا بتایا تو انہوں نے مجھے اس پر ملامت
کی۔ وہ کہتے ہیں کہ جب میں نے رسول اللہ ﷺ
سے اجازت مانگی تھی تو آپؐ نے مجھے فرمایا تھا کہ تم
نے کس سے شادی کی ہے؟ کنواری سے یا بیوہ سے؟
میں نے آپؐ سے عرض کیا کہ بیوہ سے شادی کی
ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ تم نے کنواری سے کیوں نہ
شادی کی؟ وہ تم سے کھیلتی اور تم اس سے کھیلتے۔ میں
نے آپؐ سے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میرے والد فوت
ہو گئے یا کہا کہ شہید ہو گئے اور میری چھوٹی بہنیں ہیں
اس لئے میں نے پسند نہ کیا کہ ان کے پاس ان جیسی
بیاہ کر لاؤں جو ان کی تربیت نہ کر سکے۔ نہ ان کا خیال
رکھ سکے۔ اس لئے بیوہ سے شادی کی تا کہ وہ ان کا
خیال رکھے اور ان کی تربیت کرے۔ وہ کہتے ہیں کہ
پھر جب رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائے، میں صبح

هُوَ لَكَ قَالَ لَا بَلْ بِعْنِيهِ قَالَ قُلْتُ لَا بَلْ هُوَ لَكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ لَا بَلْ بِعْنِيهِ قَالَ قُلْتُ فَإِنَّ لِرَجُلٍ عَلَيَّ أُوقِيَّةَ ذَهَبٍ فَهُوَ لَكَ بِهَا قَالَ قَدْ أَخَذْتُهُ فَتَبَلَّغْ عَلَيْهِ إِلَى الْمَدِينَةِ قَالَ فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبِلَالٍ أَعْطِهِ أُوقِيَّةً مِنْ ذَهَبٍ وَزِدْهُ قَالَ فَأَعْطَانِي أُوقِيَّةً مِنْ ذَهَبٍ وَزَادَنِي قِيرَاطًا قَالَ فَقُلْتُ لَا تُفَارِقُنِي زِيَادَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَكَانَ فِي كِيسٍ لِي فَأَخَذَهُ أَهْلُ الشَّامِ يَوْمَ الْحَرَّةِ {112}حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَتَخَلَّفَ نَاضِحِي وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَقَالَ فِيهِ فَنَخَسَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ لِي ارْكَبْ بِاسْمِ اللَّهِ وَزَادَ أَيْضًا قَالَ فَمَا زَالَ يَزِيدُنِي وَيَقُولُ وَاللَّهُ يَغْفِرُ لَكَ [4102,4101,4100]

آپؐ کی خدمت میں اونٹ لے کر حاضر ہوا۔آپؐ نے مجھے اس کی قیمت دے دی اور وہ (اونٹ) بھی مجھے واپس کر دیا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مکہ سے مدینہ آئے تو میرا اونٹ بیمار پڑ گیا پھر باقی روایت اسی طرح بیان کی۔اس روایت میں یہ ہے کہ پھر آپ ﷺ نے مجھے فرمایا کہ یہ اونٹ میرے پاس بیچ دو۔ میں نے عرض کیا نہیں حضورؐ یہ آپؐ کا ہی ہے۔آپؐ نے فرمایا نہیں بلکہ اسے میرے پاس فروخت کرو۔ میں نے کہا نہیں بلکہ یارسولؐ اللہ! وہ آپؐ کا ہی ہے۔ آپؐ نے فرمایا نہیں بلکہ یہ میرے پاس بیچ دو۔ میں نے عرض کیا کہ مجھ پر ایک اُوقیہ سونا قرض ہے۔ یہ اونٹ اس (اُوقیہ) کے عوض آپؐ کا ہوا۔آپؐ نے فرمایا میں نے لے لیا تم اس پر مدینہ پہنچو۔ وہ کہتے ہیں کہ جب میں مدینہ پہنچا تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت بلالؓ سے فرمایا اسے سونے کا ایک اُوقیہ دے دو اور اسے کچھ زیادہ بھی دینا۔جابرؓ کہتے ہیں کہ انہوں نے مجھے ایک اُوقیہ سونا اور ایک قیراط زائد دیا۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کا یہ زائد (انعام) مجھ سے جدا نہ ہونے پائے گا۔ وہ کہتے ہیں کہ وہ میری ایک تھیلی میں تھا جو اہل شام نے یوم الحرہ ☆ میں چھین لی۔ایک اور روایت میں ہے

☆یوم الحرۃ:63ھ میں مدینہ پر حملہ کا واقعہ۔

کہ حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے میرا پانی لانے والا اونٹ پیچھے رہ گیا۔ پھر راوی نے باقی روایت بیان کی اور اس میں یہ کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے اسے چھڑی چبھوئی پھر مجھے فرمایا کہ اللہ کا نام لے کر سوار ہو جاؤ اور اس روایت میں یہ بھی اضافہ ہے کہ انہوں (حضرت جابرؓ) نے کہا کہ آپؐ مجھے زیادہ عطا فرماتے رہے اور فرماتے تھے کہ اللہ تمہاری مغفرت فرمائے۔

فِيهِ مِنَ الْأَجْرِ مَا يَزِنُ هَذَا إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ ضَرَبَ غُلَامًا لَهُ حَدًّا لَمْ يَأْتِهِ أَوْ لَطَمَهُ فَإِنَّ كَفَّارَتَهُ أَنْ يُعْتِقَهُ و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ كِلَاهُمَا عَنْ سُفْيَانَ عَنْ فِرَاسٍ بِإِسْنَادِ شُعْبَةَ وَأَبِي عَوَانَةَ أَمَّا حَدِيثُ ابْنِ مَهْدِيٍّ فَذَكَرَ فِيهِ حَدًّا لَمْ يَأْتِهِ وَفِي حَدِيثِ وَكِيعٍ مَنْ لَطَمَ عَبْدَهُ وَلَمْ يَذْكُرِ الْحَدَّ [4300,4299]

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے جس نے اپنے غلام کو مارا جو حد کا مرتکب نہیں ہوا یا اسے تھپڑ لگایا تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ وہ اسے آزاد کردے۔
ایک اور روایت میں مَنْ لَطَمَ عَبْدَهُ کے الفاظ تو ہیں مگر حدّ کا ذکر نہیں۔

3118{31}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ لَطَمْتُ مَوْلًى لَنَا فَهَرَبْتُ ثُمَّ جِئْتُ قُبَيْلَ الظُّهْرِ فَصَلَّيْتُ خَلْفَ أَبِي فَدَعَاهُ وَدَعَانِي ثُمَّ قَالَ امْتَثِلْ مِنْهُ فَعَفَا ثُمَّ قَالَ كُنَّا بَنِي مُقَرِّنٍ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لَنَا إِلَّا خَادِمٌ وَاحِدَةٌ فَلَطَمَهَا أَحَدُنَا فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَعْتِقُوهَا قَالُوا لَيْسَ لَهُمْ

3118: معاویہ بن سوید سے روایت ہے کہ میں نے اپنے ایک آزاد کردہ غلام کو تھپڑ مارا اور بھاگ گیا پھر ظہر سے کچھ پہلے آیا اور اپنے والد کے پیچھے نماز پڑھی۔ انہوں نے اس (غلام) کو بلایا اور مجھے (بھی) بلایا۔ پھر اسے کہا اس سے بدلہ لے لو مگر اس نے معاف کردیا۔ پھر (میرے والد) کہنے لگے ہم بنی مقرّن رسول اللہ ﷺ کے عہد میں تھے تو ہماری صرف ایک خادمہ ہوتی تھی ہم میں سے کسی نے اسے تھپڑ مار دیا۔ رسول اللہ ﷺ کو یہ بات پتہ چلی تو آپؐ نے فرمایا اسے آزاد کردو۔ انہوں نے کہا ہمارے پاس اس کے سوا کوئی خادم نہیں۔ آپؐ نے

3118 : اطراف : **مسلم** کتاب الایمان باب نذر الکافر وما یفعل فیہ اذا اسلم 4016 ، 4017 ، 4019 ، 4020
تخریج : **ترمذی** کتاب النذور والایمان باب ماجاء فی الرجل یلطم خادمہ 1542 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فی حق المملوک 5166، 5167، 5168

خَادِمٌ غَيْرُهَا قَالَ فَلْيَسْتَخْدِمُوهَا فَإِذَا اسْتَغْنَوْا عَنْهَا فَلْيُخَلُّوا سَبِيلَهَا[4301]

فرمایا پھر وہ (فی الحال) اس سے خدمت لے لیں جب اس کی ضرورت نہ رہے تو اسے آزاد کردیں۔

3119{32}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ قَالَ عَجِلَ شَيْخٌ فَلَطَمَ خَادِمًا لَهُ فَقَالَ لَهُ سُوَيْدُ بْنُ مُقَرِّنٍ عَجَزَ عَلَيْكَ إِلَّا حُرُّ وَجْهِهَا لَقَدْ رَأَيْتُنِي سَابِعَ سَبْعَةٍ مِنْ بَنِي مُقَرِّنٍ مَا لَنَا خَادِمٌ إِلَّا وَاحِدَةٌ لَطَمَهَا أَصْغَرُنَا فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُعْتِقَهَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ قَالَ كُنَّا نَبِيعُ الْبَزَّ فِي دَارِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ أَخِي النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ فَخَرَجَتْ جَارِيَةٌ فَقَالَتْ لِرَجُلٍ مِنَّا كَلِمَةً فَلَطَمَهَا فَغَضِبَ سُوَيْدٌ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ ابْنِ إِدْرِيسَ [4303,4302]

3119: ہلال بن یَساف سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک بوڑھے نے جلد بازی کی اور اپنے خادم کو تھپڑ مار دیا۔ اسے سوید بن مقرّن نے کہا تیرے پاس اس کو آزاد کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ مجھے یاد ہے ہم بنی مقرّن کے سات لوگوں کا ایک خادم تھا۔ ہم میں سب سے چھوٹے نے اسے تھپڑ مار دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہم اسے آزاد کردیں۔
ایک اور روایت میں ہلال بن یساف سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نعمان بن مقرن کے بھائی سوید بن مقرّن کے محلّہ میں ریشم فروخت کررہے تھے باندی باہر نکلی اور اس نے ہم میں سے ایک شخص کو کوئی بات کہہ دی۔ اس (شخص) نے اسے تھپڑ مار دیا جس پر سوید کو غصہ آ گیا۔ باقی روایت سابقہ روایت کے مطابق ہے۔

3120{33} وحَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ قَالَ

3120: سوید بن مقرّن سے روایت ہے کہ ان کی ایک باندی کو کسی شخص نے تھپڑ مارا اسے سوید نے کہا

4019 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب نذر الکافر وما یفعل فیہ اذا اسلم 4016 ، 4017 ، 4018 ، 4020
تخریج : ترمذی کتاب النذور والایمان باب ماجاء فی الرجل یلطم خارمہ 1542 ابو داؤد کتاب الادب باب فی حق المملوک 5166 ، 5167 ، 5168

4020 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب نذر الکافر وما یفعل فیہ اذا اسلم 4016 ، 4017 ، 4018 ، 4019
تخریج : ترمذی کتاب النذور والایمان باب ماجاء فی الرجل یلطم خارمہ 1542 ابو داؤد کتاب الادب باب فی حق المملوک 5166 ، 5167 ، 5168

لِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ مَا اسْمُكَ قُلْتُ شُعْبَةُ فَقَالَ مُحَمَّدٌ حَدَّثَنِي أَبُو شُعْبَةَ الْعِرَاقِيُّ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ أَنَّ جَارِيَةً لَهُ لَطَمَهَا إِنْسَانٌ فَقَالَ لَهُ سُوَيْدٌ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الصُّورَةَ مُحَرَّمَةٌ فَقَالَ لَقَدْ رَأَيْتُنِي وَإِنِّي لَسَابِعُ إِخْوَةٍ لِي مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا لَنَا خَادِمٌ غَيْرُ وَاحِدٍ فَعَمَدَ أَحَدُنَا فَلَطَمَهُ فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُعْتِقَهُ و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى عَنْ وَهْبِ بْنِ جَرِيرٍ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ قَالَ قَالَ لِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ مَا اسْمُكَ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ عَبْدِ الصَّمَدِ[4305,4304]

کیا تمہیں پتہ نہیں کہ چہرہ قابلِ احترام ہے۔ پھر انہوں نے بیان کیا مجھے یاد ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں مَیں اپنے بھائیوں میں ساتواں تھا اور ہمارا ایک ہی خادم تھا ہم میں سے ایک نے اسے تھپڑ مار دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں یہ ارشاد فرمایا کہ ہم اس (غلام) کو آزاد کر دیں۔

3121{34}حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ يَعْنِي ابْنَ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ أَبُو مَسْعُودٍ الْبَدْرِيُّ كُنْتُ أَضْرِبُ غُلَامًا لِي بِالسَّوْطِ فَسَمِعْتُ صَوْتًا مِنْ خَلْفِي اعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ فَلَمْ أَفْهَمْ الصَّوْتَ مِنَ الْغَضَبِ قَالَ فَلَمَّا دَنَا مِنِّي إِذَا هُوَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هُوَ

3121: حضرت ابومسعود ؓ بدری کہتے ہیں کہ میں اپنے ایک غلام کو دُرہ سے مار رہا تھا میں نے پیچھے سے آواز سُنی۔ ابومسعود جان لو۔ میں غصہ کی وجہ سے آواز پہچان نہ سکا۔ وہ کہتے ہیں جب آپؐ میرے قریب آئے تو کیا دیکھتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ ہیں۔ آپؐ فرمارہے تھے جان لواے ابومسعود! جان لواے ابو مسعود! میں نے ہاتھ سے دُرّہ پھینک دیا۔ آپؐ نے فرمایا جان لو ابومسعود! اللہ تجھ پر اس سے زیادہ

3121 : اطراف : مسلم كتاب الايمان باب صحبة المماليك وكفارة من لطم عبده 4022، 4023

تخريج : ترمذى كتاب البر والصلة باب النهى عن ضرب الخدم وشتمهم 1948 **ابو داؤد** كتاب الادب باب فى حق المملوك 5159

يَقُولُ اعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ اعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ قَالَ فَأَلْقَيْتُ السَّوْطَ مِنْ يَدِي فَقَالَ اعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ أَنَّ اللَّهَ أَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَى هَذَا الْغُلَامِ قَالَ فَقُلْتُ لَا أَضْرِبُ مَمْلُوكًا بَعْدَهُ أَبَدًا و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَهُوَ الْمَعْمَرِيُّ عَنْ سُفْيَانَ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ بِإِسْنَادِ عَبْدِ الْوَاحِدِ نَحْوَ حَدِيثِهِ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِ جَرِيرٍ فَسَقَطَ مِنْ يَدِي السَّوْطُ مِنْ هَيْبَتِهِ [4307,4306]

قدرت رکھتا ہے جتنی تم اس غلام پر (رکھتے ہو)۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا کہ اس کے بعد کبھی کسی غلام کو نہیں ماروں گا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ درّہ میرے ہاتھ سے آپ ﷺ کے رُعب کی وجہ سے گر گیا۔

3122{35} و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ كُنْتُ أَضْرِبُ غُلَامًا لِي فَسَمِعْتُ مِنْ خَلْفِي صَوْتًا اعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ لَلَّهُ أَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَيْهِ فَالْتَفَتُّ فَإِذَا هُوَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

3122: حضرت ابومسعودؓ انصاری سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں اپنے ایک غلام کو مار رہا تھا میں نے اپنے پیچھے سے آواز سنی ابومسعود! جان لو یقیناً اللہ تم پر اس سے زیادہ قدرت رکھتا ہے جتنی تم اس پر (رکھتے ہو) میں مڑا تو رسول اللہ ﷺ تھے۔ میں نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! یہ خدا کی خاطر آزاد ہے۔ آپؐ نے فرمایا اگر تم ایسا نہ کرتے تو آگ تمہیں جھلس دیتی یا فرمایا

3122 : اطراف : **مسلم** کتاب الایمان باب صحبة المماليک وکفارة من لطم عبده 4021، 4023

تخریج : ترمذی کتاب البر والصلة باب النهی عن ضرب الخدم وشتمهم 1948 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فی حق المملوک 5159

وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ هُوَ حُرٌّ لِوَجْهِ اللَّهِ فَقَالَ أَمَا لَوْ لَمْ تَفْعَلْ لَلَفَحَتْكَ النَّارُ أَوْ لَمَسَّتْكَ النَّارُ[4308]

آگ تمہیں چھوتی۔

3123{36}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ أَنَّهُ كَانَ يَضْرِبُ غُلَامَهُ فَجَعَلَ يَقُولُ أَعُوذُ بِاللَّهِ قَالَ فَجَعَلَ يَضْرِبُهُ فَقَالَ أَعُوذُ بِرَسُولِ اللَّهِ فَتَرَكَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللَّهِ لَلَّهُ أَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَيْهِ قَالَ فَأَعْتَقَهُ و حَدَّثَنِيهِ بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ قَوْلَهُ أَعُوذُ بِاللَّهِ أَعُوذُ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[4310,4309]

3123:حضرت ابومسعودؓ سے روایت ہے کہ وہ اپنے غلام کو مار رہے تھے وہ کہنے لگا میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔راوی کہتے ہیں وہ پھر اسے مارنے لگے۔اس نے پھر کہا میں اللہ کے رسولؐ کی پناہ میں آتا ہوں تو انہوں نے اسے چھوڑ دیا۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا خدا کی قسم! اللہ تم پر اس سے زیادہ قدرت رکھتا ہے جتنی تم اس پر رکھتے ہو۔راوی کہتے ہیں پھر حضرت ابومسعودؓ نے اسے آزاد کردیا۔

ایک اور روایت میں اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَعُوْذُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ کے الفاظ نہیں ہیں۔

[9]14:بَاب: التَّغْلِيظُ عَلَى مَنْ قَذَفَ مَمْلُوكَهُ بِالزِّنَا

باب:اس شخص پر سزا کی شدّت جو اپنے غلام پر زنا کی تہمت لگائے

3124{37} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ

3124:حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوالقاسم ﷺ نے فرمایا جس

3123 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب صحبة المماليک و كفارة من لطم عبده 4021 ، 4022

تخریج : ترمذی کتاب البر والصلة باب النهی عن ضرب الخدم وشتمهم 1948 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فی حق المملوک 5159

3124 : تخریج : بخاری کتاب الحدود باب قذف العبيد 6858 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب النهی عن ضرب الخدم وشتمهم 1947 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فی حق المملوک 5165

اللَّه بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي نُعْمٍ حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَذَفَ مَمْلُوكَهُ بِالزِّنَا يُقَامُ عَلَيْهِ الْحَدُّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا أَنْ يَكُونَ كَمَا قَالَ و حَدَّثَنَاه أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ يُوسُفَ الْأَزْرَقُ كِلَاهُمَا عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَفِي حَدِيثِهِمَا سَمِعْتُ أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيَّ التَّوْبَةِ [4312,4311]

نے اپنے غلام پر زنا کی تہمت لگائی قیامت کے دن اس پر حد قائم کی جائے گی سوائے اس کے کہ وہ (غلام) ایسا ہی ہو جیسا کہ اس نے کہا۔
ایک اور روایت میں سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ ﷺ نَبِيَّ التَّوْبَهِ کے الفاظ ہیں۔

[10]15: بَاب: إِطْعَامُ الْمَمْلُوكِ مِمَّا يَأْكُلُ وَإِلْبَاسُهُ مِمَّا يَلْبَسُ وَلَا يُكَلِّفْهُ مَا يَغْلِبُهُ

باب: غلام کو اس میں سے کھلانا جو (مالک) خود کھاتا ہے اور اس میں سے پہنانا جو وہ خود پہنتا ہے اور وہ اس پر ایسا بوجھ نہ ڈالے جو اسے مغلوب کر دے

3125{38}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ مَرَرْنَا بِأَبِي ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ وَعَلَيْهِ

3125: معرور بن سُوید کہتے ہیں ہم ربذہ میں حضرت ابوذرؓ کے پاس سے گذرے۔ ان پر ایک چادر تھی اور ان کے غلام پر بھی ویسی ہی چادر تھی۔ ہم

3125 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب اطعام المملوک ممایأکل والباسه مما یلبس ولا یکلفه ما یغلبه 4026
تخریج : بخاری کتاب الایمان باب المعا صی من امر الجاهلیة 30 کتاب العتق باب قول النبی ﷺ العبید اخوانکم فاطعموهم مما تاکلون 2545 کتاب الادب باب ما ینهی من السباب واللعن 6050 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ما جاء فی الاحسان الی الخدم 1945 **ابوداؤد** کتاب الادب باب فی حق المملوک 5157، 5158، 5161 **ابن ماجه** کتاب الادب باب الاحسان الی الممالیک 3690، 3691

بُرْدٌ وَعَلَى غُلَامِه مِثْلُهُ فَقُلْنَا يَا أَبَا ذَرٍّ لَوْ جَمَعْتَ بَيْنَهُمَا كَانَتْ حُلَّةً فَقَالَ إِنَّهُ كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَ رَجُلٍ مِنْ إِخْوَانِي كَلَامٌ وَكَانَتْ أُمُّهُ أَعْجَمِيَّةً فَعَيَّرْتُهُ بِأُمِّه فَشَكَانِي إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَقِيتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أَبَا ذَرٍّ إِنَّكَ امْرُؤٌ فِيكَ جَاهِلِيَّةٌ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّه مَنْ سَبَّ الرِّجَالَ سَبُّوا أَبَاهُ وَأُمَّهُ قَالَ يَا أَبَا ذَرٍّ إِنَّكَ امْرُؤٌ فِيكَ جَاهِلِيَّةٌ هُمْ إِخْوَانُكُمْ جَعَلَهُمْ اللَّهُ تَحْتَ أَيْدِيكُمْ فَأَطْعِمُوهُمْ مِمَّا تَأْكُلُونَ وَأَلْبِسُوهُمْ مِمَّا تَلْبَسُونَ وَلَا تُكَلِّفُوهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ فَإِنْ كَلَّفْتُمُوهُمْ فَأَعِينُوهُمْ{39} و حَدَّثَنَاه أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ فِي حَدِيثِ زُهَيْرٍ وَأَبِي مُعَاوِيَةَ بَعْدَ قَوْلِه إِنَّكَ امْرُؤٌ فِيكَ جَاهِلِيَّةٌ قَالَ قُلْتُ عَلَى حَالِ سَاعَتِي مِنَ الْكِبَرِ قَالَ نَعَمْ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي مُعَاوِيَةَ نَعَمْ عَلَى حَالِ سَاعَتِكَ مِنَ الْكِبَرِ وَفِي حَدِيثِ عِيسَى فَإِنْ كَلَّفَهُ مَا يَغْلِبُهُ فَلْيَبِعْهُ وَفِي حَدِيثِ زُهَيْرٍ فَلْيُعِنْهُ عَلَيْهِ

نے کہا اے ابو ذر! اگر آپ دونوں چادروں کو جمع کرتے تو ایک جوڑا بن جاتا۔ انہوں نے کہا میرے اور میرے بھائیوں میں سے ایک شخص کے درمیان اختلاف ہوگیا اس کی ماں عجمی تھی میں نے اسے اس کی ماں کا طعنہ دیا۔ اس نے میری شکایت نبی ﷺ کے پاس کردی میں نبی ﷺ سے ملا تو آپؐ نے فرمایا اے ابوذر تم ایسے شخص ہو جس میں جاہلیت پائی جاتی ہے۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! جو لوگوں کو گالی دیتا ہے، لوگ اس کے باپ اور ماں کو گالی دیتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا اے ابوذر! تم ایسے شخص ہو جس میں جاہلیت ہے۔ یہ (غلام) تمہارے بھائی ہیں۔ اللہ نے انہیں تمہارے ماتحت کر دیا ہے۔ پس جو تم کھاتے ہو اس میں سے انہیں (بھی) کھلاؤ اور جو خود پہنتے ہو اس میں سے انہیں (بھی) پہناؤ اور انہیں اس کام کا بوجھ نہ ڈالو جو انہیں مغلوب کردے اور اگر تم ان پر بوجھ ڈالو تو خود) ان کی مدد کرو۔

ایک روایت میں اِنَّکَ امْرُؤٌ فِیْکَ جَاهِلِيَّةٌ کے بعد یہ اضافہ ہے کہ میں نے عرض کیا میری بڑھاپے کی اس گھڑی کے باوجود! آپؐ نے فرمایا ہاں۔

ایک اور روایت میں ہے آپ ﷺ نے فرمایا ہاں بڑھاپے کی تمہاری اس گھڑی کے باوجود۔

اور ایک روایت میں (فَاِنْ كَلَّفْتُمُوْهُمْ فَاَعِيْنُوْهُمْ کی بجائے) فَاِنْ كَلَّفَهُ مَايَغْلِبُهُ فَلْيُعِنْه کے الفاظ ہیں۔

وَلَيْسَ فِي حَدِيثِ أَبِي مُعَاوِيَةَ فَلْيَبِعْهُ وَلَا فَلْيُعِنْهُ انْتَهَى عِنْدَ قَوْلِهِ وَلَا يُكَلِّفْهُ مَا يَغْلِبُهُ [4314,4313]

ایک اور روایت میں فَلْيَبِعْهُ (اسے فروخت کرو) کی بجائے فَلْيُعِنْهُ عَلَيْهِ (اس کی اس کام میں مدد کرے) کے الفاظ ہیں۔
اور ایک اور روایت میں نہ تو فَلْيَبِعْه کے الفاظ ہیں اور نہ ہی فَلْيُعِنْهُ کے الفاظ ہیں بلکہ روایت کے آخر میں الفاظ یہ ہیں وَلَا يُكَلِّفْهُ مَا يَغْلِبُهُ۔

3126{40}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ رَأَيْتُ أَبَا ذَرٍّ وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ وَعَلَى غُلَامِهِ مِثْلُهَا فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذَلِكَ قَالَ فَذَكَرَ أَنَّهُ سَابَّ رَجُلًا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَيَّرَهُ بِأُمِّهِ قَالَ فَأَتَى الرَّجُلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكَ امْرُؤٌ فِيكَ جَاهِلِيَّةٌ إِخْوَانُكُمْ وَخَوَلُكُمْ جَعَلَهُمْ اللَّهُ تَحْتَ أَيْدِيكُمْ فَمَنْ كَانَ أَخُوهُ تَحْتَ يَدَيْهِ فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَأْكُلُ وَلْيُلْبِسْهُ مِمَّا

3126: معرور بن سُوید سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوذرؓ کو دیکھا۔ انہوں نے ایک جوڑا پہن رکھا تھا اور ان کے غلام نے بھی ویسا ہی پہنا ہوا تھا۔ میں نے اس بارہ میں ان سے سوال کیا۔ راوی کہتے ہیں کہ انہوں نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں انہوں نے ایک شخص کو گالی دی اور اس کی ماں کا اسے طعنہ دیا۔ وہ کہتے ہیں وہ شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ سے اس بات کا ذکر کیا۔ نبی ﷺ نے (مجھے) فرمایا تم ایسے شخص ہو جس میں جاہلیت ہے۔ (یہ تمہارے خادم) تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے کاموں کا خیال رکھنے والے ہیں اور انہیں اللہ نے تمہارے ماتحت کیا ہے۔ پس جس کا بھائی اس کے ماتحت ہو تو چاہئے کہ وہ جو خود کھائے اس میں

3126 : اطراف : **مسلم** کتاب الایمان باب اطعام المملوک ممایأکل والباسه مما یلبس ولا یکلفه ما یغلبه 4025
تخریج : بخاری کتاب الایمان باب المعاصی من امر الجاھلیة 30 کتاب العتق باب قول النبی ﷺ العبید اخوانکم فاطعموھم مما تاکلون 2545 کتاب الادب باب ما ینھی من السباب واللعن 6050 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ما جاء فی الاحسان الی الخدم 1945 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فی حق المملوک 5157 ، 5158 ، 5161 **ابن ماجه** کتاب الادب باب الاحسان الی الممالیک 3690 ، 3691

يَلْبَسُ وَلَا تُكَلِّفُوهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ فَإِنْ كَلَّفْتُمُوهُمْ فَأَعِينُوهُمْ عَلَيْهِ[4315]

سے اسے کھلائے اور جو خود پہنے اسے پہنائے ان کی طاقت سے بڑھ کر ان پر ذمہ داری نہ ڈالو اور اگر ان پر کوئی ایسا بوجھ ڈال دو تو اس پر ان کی مدد کرو۔

3127{41} و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ بُكَيْرَ بْنَ الْأَشَجِّ حَدَّثَهُ عَنِ الْعَجْلَانِ مَوْلَى فَاطِمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِلْمَمْلُوكِ طَعَامُهُ وَكِسْوَتُهُ وَلَا يُكَلَّفُ مِنَ الْعَمَلِ إِلَّا مَا يُطِيقُ[4316]

3127: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا غلام کا حق اس کا کھانا اس کا لباس ہے۔اس پر کام کا بوجھ نہ ڈالا جائے مگر جس کی وہ طاقت رکھتا ہو۔

3128{42} و حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ مُوسَى بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَنَعَ لِأَحَدِكُمْ خَادِمُهُ طَعَامَهُ ثُمَّ جَاءَهُ بِهِ وَقَدْ وَلِيَ حَرَّهُ وَدُخَانَهُ فَلْيُقْعِدْهُ مَعَهُ فَلْيَأْكُلْ فَإِنْ كَانَ الطَّعَامُ مَشْفُوهًا قَلِيلًا فَلْيَضَعْ فِي يَدِهِ مِنْهُ أُكْلَةً أَوْ أُكْلَتَيْنِ قَالَ دَاوُدُ يَعْنِي لُقْمَةً أَوْ لُقْمَتَيْنِ[4317]

3128: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کے لئے اس کا خادم کھانا تیار کرے۔اور وہ اسے اس کے پاس لے کر آئے اور اس نے اس کی گرمی اور دھوئیں سے تکلیف اٹھائی ہے تو چاہئے کہ وہ اسے اپنے پاس بٹھائے اور وہ بھی کھانا کھائے۔اگر کھانے والے زیادہ ہوں اور کھانا تھوڑا ہو تو چاہئے کہ اس میں سے ایک یا دو لقمے اس کو دے دے۔راوی داؤد کہتے ہیں یعنی ایک یا دو نوالے۔

3128 : تخريج : بخاری كتاب الاطعمة باب الاكل مع الخادم 5460 كتاب العتق باب اذا اتى احدكم خادمه بطعامه 2557 **ترمذی** كتاب الاطعمة باب ما جاء فی الاكل مع المملوك والعيال 1853 **ابن ماجه** كتاب الاطعمة باب اذا اتاه خادمه بطعامه 3289 ، 3290 ، 3291

[11]16:بَاب: ثَوَابُ الْعَبْدِ وَأَجْرُهُ إِذَا نَصَحَ لِسَيِّدِهِ وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ اللَّهِ

باب: غلام کا ثواب اور اس کا اجر جب وہ اپنے آقا کے لئے خیر خواہ ہو اور اللہ کی عبادت اچھی طرح کرے

3129{43}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا نَصَحَ لِسَيِّدِهِ وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ اللَّهِ فَلَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَأَبُو أُسَامَةَ كُلُّهُمْ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ ح و حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي أُسَامَةُ جَمِيعًا عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ مَالِكٍ [4319,4318]

3129: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا غلام جب اپنے آقا کی خیر خواہی کرے اور اللہ کی عبادت عمدگی سے کرے تو اس کے لئے اس کا اجر دو دفعہ ہے۔

3130{44}حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَا أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي

3130:حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایسے آدمی کے لئے جو غلام ہو اور ٹھیک کام

3129 :تخریج : بخاری کتاب العتق باب العبد اذا احسن عبادة ربه ونصح سيده 2546 ، 2549 باب كراهية التطاول على الرقيق وقوله عبدى او امتى2550 ،2551 **ابو داؤد** كتاب الادب باب ما جاء فى المملوک اذا نصح 5169 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ماجاء فى فضل المملوک الصالح 1985

3130 : اطراف : مسلم كتاب الايمان باب ثواب العبد واجره اذانصح لسيده واحسن عبادة الله 4031

تخریج : بخاری كتاب العتق باب العبد اذا احسن عبادة ربه ونصح سيده 2546، 2549

يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبْدِ الْمَمْلُوكِ الْمُصْلِحِ أَجْرَانِ وَالَّذِي نَفْسُ أَبِي هُرَيْرَةَ بِيَدِهِ لَوْلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْحَجُّ وَبِرُّ أُمِّي لَأَحْبَبْتُ أَنْ أَمُوتَ وَأَنَا مَمْلُوكٌ قَالَ وَبَلَغَنَا أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ لَمْ يَكُنْ يَحُجُّ حَتَّى مَاتَتْ أُمُّهُ لِصُحْبَتِهَا قَالَ أَبُو الطَّاهِرِ فِي حَدِيثِهِ لِلْعَبْدِ الْمُصْلِحِ وَلَمْ يَذْكُرْ الْمَمْلُوكَ و حَدَّثَنِيهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو صَفْوَانَ الْأُمَوِيُّ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ بَلَغَنَا وَمَا بَعْدَهُ [4321,4320]

کرنے والا ہو دو اجر ہیں اور اس کی قسم جس کے ہاتھ میں ابو ہریرہ کی جان ہے اگر اللہ کی راہ میں جہاد اور حج اور اپنی ماں سے حسنِ سلوک کا خیال نہ ہوتا تو میں پسند کرتا کہ مجھے غلام ہونے کی حالت میں موت آئے اور ہمیں روایت پہنچی ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ حج نہیں کرتے تھے جب تک ان کی والدہ فوت نہ ہوگئیں ان کی رفاقت کی وجہ سے۔ایک اور روایت میں بَلَغَنَا اور اس کے بعد کے مضمون کا ذکر نہیں۔ ایک روایت میں اَلْعَبْدُ الْمُصْلِح کے الفاظ ہیں اور لفظ اَلْمَمْلُوک کا ذکر نہیں۔

3131{45} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَدَّى الْعَبْدُ حَقَّ اللَّهِ وَحَقَّ مَوَالِيهِ كَانَ لَهُ أَجْرَانِ قَالَ فَحَدَّثْتُهَا كَعْبًا فَقَالَ كَعْبٌ لَيْسَ عَلَيْهِ حِسَابٌ وَلَا عَلَى مُؤْمِنٍ مُزْهِدٍ و حَدَّثَنِيهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ [4323,4322]

3131: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب ایک غلام اللہ کا حق اور اپنے مالکوں کا حق ادا کرتا ہے تو اس کے لئے دو اجر ہیں۔ راوی کہتے ہیں میں نے یہ حدیث حضرت کعبؓ کو سنائی تو حضرت کعبؓ نے کہا کہ اس (غلام) پر کوئی حساب نہیں ہے اور نہ ہی ایسے مومن پر کوئی حساب ہے جو دنیا سے بے رغبت ہو۔

3131 : اطراف : مسلم كتاب الايمان باب ثواب العبد واجره اذانصح لسيده واحسن عبادة الله 4030

تخريج : بخارى كتاب العتق باب العبد اذا احسن عبادة ربه ونصح سيده 2546 ، 2549 **ترمذى** كتاب البر والصلة باب ماجاء فى فضل المملوك الصالح 1985 **ابو داود** كتاب الادب باب ماجاء فى المملوك إذا نصح 5169

3132{46} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعِمَّا لِلْمَمْلُوكِ أَنْ يُتَوَفَّى يُحْسِنُ عِبَادَةَ اللَّهِ وَصَحَابَةَ سَيِّدِهِ نِعِمَّا لَهُ [4324]

3132: ہمام بن منبہ سے روایت ہے انہوں نے کہا یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے بیان کیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کتنا اچھا ہے اس غلام کے لئے جو اس حال میں فوت ہو کہ اللہ کی عبادت احسن رنگ میں بجا لا رہا تھا اور اپنے آقا کی رفاقت بھی خوب کر رہا تھا۔ یہ اس کے لئے بہت ہی خوب ہے۔

[12]17: بَاب مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِي عَبْدٍ

اس شخص کا بیان جس نے غلام میں اپنا حصہ آزاد کر دیا

3133{47} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قُلْتُ لِمَالِكٍ حَدَّثَكَ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِي عَبْدٍ فَكَانَ لَهُ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَ الْعَبْدِ قُوِّمَ عَلَيْهِ قِيمَةَ الْعَدْلِ فَأَعْطَى شُرَكَاءَهُ حِصَصَهُمْ وَعَتَقَ عَلَيْهِ الْعَبْدُ وَإِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ [4325]

3133: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے غلام میں اپنا حصہ آزاد کر دیا اور اس کے پاس اتنا مال ہو جو غلام کی قیمت کے برابر ہو تو اس (غلام) کی منصفانہ قیمت لگائی جائے۔ پھر وہ اپنے شریک ساتھیوں کو ان کے حصے دے دے تو غلام اس کی طرف سے آزاد ہوگا ورنہ جتنا حصہ اس کا آزاد ہوا، وہی آزاد ہوا۔

3132: تخريج : بخاری كتاب العتق باب العبد اذا احسن عبادة ربه ونصح سيده 4546، 4549 **ترمذی** كتاب البر والصلة باب ما جاء فی فضل المملوک الصالح 1985 **ابو داود** كتاب الادب باب ماجاء فی المملوک إذا نصح 5169

3133 : اطراف : مسلم كتاب الايمان باب من اعتق شركا له فی عبد 4034، 4035، 4036، 4037

تخريج : بخاری كتاب الشركة باب تقويم الاشياء بين الشركاء بقيمة عدل 2491، 2492 باب الشركة فی الرقيق 2503، 2504 كتاب العتق باب اذا اعتق عبدا بين اثنين او امة بين الشركاء 2521، 2522، 2523، 2524، 2525 باب كراهية التطاول على الرقيق وقوله عبدی او امتی 2553 **نسائی** كتاب البيوع باب الشركة بغير مال 4698 الشركة فی الرقيق 4699 **ابو داؤد** كتاب العتق باب فيمن روى انه لا يستسعى 3940، 3943، 3946، 3947 **ترمذی** كتاب الاحكام باب ما جاء فی العبد يكون بين الرجلين فيعتق احدهما نصيبه 1346، 1347، 1348 **ابن ماجه** كتاب العتق باب من اعتق شركا له فی عبد 2527، 2528

3134{48}حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّه عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مَنْ أَعْتَقَ شرْكًا لَهُ منْ مَمْلُوك فَعَلَيْه عتْقُهُ كُلُّهُ إنْ كَانَ لَهُ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَهُ فَإنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ عَتَقَ منْهُ مَا عَتَقَ[4326]

3134: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے کسی غلام میں اپنا حصہ آزاد کیا اس کے ذمہ سارے غلام کی آزادی ہے بشرطیکہ کہ اس کے پاس اتنا مال ہو جو اس (غلام) کی قیمت کے برابر ہے۔ اگر اس کے پاس مال نہ ہو تو اس میں جو حصہ آزاد ہوا، وہ آزاد ہوا۔

3135{49} و حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ نَافِعٍ مَوْلَى عَبْد اللَّه بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْد اللَّه بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مَنْ أَعْتَقَ نَصِيبًا لَهُ فِي عَبْد فَكَانَ لَهُ منَ الْمَال قَدْرُ مَا يَبْلُغُ قيمَتَهُ قُوِّمَ عَلَيْه قيمَةَ عَدْلٍ وَإلَّا فَقَدْ عَتَقَ منْهُ مَا عَتَقَ و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ عَنَ اللَّيْث بْنِ سَعْدٍ ح و

3135: حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے کسی غلام میں اپنا حصہ آزاد کر دیا اور اس کے پاس اتنا مال ہو جو غلام کی قیمت کے برابر ہو تو اس (غلام) کی منصفانہ قیمت لگوائی جائے گی۔ ورنہ اتنا ہی آزاد ہوگا جتنا کہ آزاد ہوا۔

ایک اور روایت میں وَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ کے الفاظ نہیں ہیں سوائے ایوب

3134 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب من اعتق شرکا له فی عبد 4033 ، 4035 ، 4036 ، 4037

تخریج : بخاری کتاب الشرکة باب تقویم الاشیاء بین الشرکاء بقیمة عدل 2491 ، 2492 باب الشرکة فی الرقیق 2503 2504 کتاب العتق باب اذا اعتق عبدا بین اثنین او امة بین الشرکاء 2521 ، 2522 ، 2523 ، 2524 ، 2525 باب کراهیة التطاول علی الرقیق وقوله عبدی او امتی 2553 **نسائی** کتاب البیوع باب الشرکة بغیر مال 4698 الشرکة فی الرقیق 4699 **ابو داؤد** کتاب العتق باب فیمن روی انه لا یستسعی 3940 ، 3943 ، 3946 ، 3947 **ترمذی** کتاب الاحکام باب ما جاء فی العبد یکون بین الرجلین فیعتق احدهما نصیبه 1346 ، 1347 ، 1348 **ابن ماجه** کتاب العتق باب من اعتق شرکا له فی عبد 2527 ، 2528

3135 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب من اعتق شرکا له فی عبد 4033 ، 4034 ، 4036 ، 4037

تخریج : بخاری کتاب الشرکة باب تقویم الاشیاء بین الشرکاء بقیمة عدل 2491 ، 2492 باب الشرکة فی الرقیق 2503 2504 کتاب العتق باب اذا اعتق عبدا بین اثنین او امة بین الشرکاء 2521 ، 2522 ، 2523 ، 2524 ، 2525 باب کراهیة التطاول علی الرقیق وقوله عبدی او امتی 2553 **نسائی** کتاب البیوع باب الشرکة بغیر مال 4698 الشرکة فی الرقیق 4699 **ابو داؤد** کتاب العتق باب فیمن روی انه لا یستسعی 3940 ، 3943 ، 3946 ، 3947 **ترمذی** کتاب الاحکام باب ما جاء فی العبد یکون بین الرجلین فیعتق احدهما نصیبه 1346 ، 1347 ، 1348 **ابن ماجه** کتاب العتق باب من اعتق شرکا له فی عبد 2527 ، 2528

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ ح و حَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ وَأَبُو كَامِلٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ وَهُوَ ابْنُ زَيْدٍ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ كِلَاهُمَا عَنْ أَيُّوبَ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي إِسْمَعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ عَنْ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ ح و حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ كُلُّ هَؤُلَاءِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ عَنْ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَلَيْسَ فِي حَدِيثِهِمْ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ إِلَّا فِي حَدِيثِ أَيُّوبَ وَيَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ فَإِنَّهُمَا ذَكَرَا هَذَا الْحَرْفَ فِي الْحَدِيثِ وَقَالَا لَا نَدْرِي أَهُوَ شَيْءٌ فِي الْحَدِيثِ أَوْ قَالَهُ نَافِعٌ مِنْ قِبَلِهِ وَلَيْسَ فِي رِوَايَةِ أَحَدٍ مِنْهُمْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا فِي حَدِيثِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ[4328,4327]

اور یحییٰ بن سعید کی روایت کے۔ان دونوں نے یہ الفاظ روایت میں ذکر کئے ہیں اور کہا ہے کہ ہم نہیں جانتے کہ یہ حدیث کا حصہ ہے یا نافع نے اپنی طرف سے کہے ہیں۔ان میں سے کسی کی روایت میں یہ نہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا سوائے لیث بن سعد کی روایت کے۔

3136{50}و حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْتَقَ عَبْدًا بَيْنَهُ وَبَيْنَ آخَرَ قُوِّمَ عَلَيْهِ فِي مَالِهِ قِيمَةَ عَدْلٍ لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ ثُمَّ عَتَقَ عَلَيْهِ فِي مَالِهِ إِنْ كَانَ مُوسِرًا [4329]

3136 :حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والدؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے اپنے اور دوسرے کے درمیان (مشترک) غلام آزاد کیا اس غلام کی منصفانہ قیمت اس شخص کے مال میں سے لگائی جائے گی نہ کم نہ زیادہ۔ پھر وہ غلام اس کی طرف سے اس کے مال سے آزاد ہوگا اگر وہ فراخی والا ہے۔

3137{51}و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِي عَبْدٍ عَتَقَ مَا بَقِيَ فِي مَالِهِ إِذَا كَانَ لَهُ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَ الْعَبْدِ [4330]

3137:حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جس نے کسی غلام سے اپنا حصہ آزاد کیا تو وہ اس (آزاد کرنے والے) کے مال کے ذریعہ باقی بھی آزاد ہو جائے گا اگر اس کا اتنا مال ہو جو غلام کی قیمت کے برابر ہو۔

3136 : اطراف : مسلم كتاب الايمان باب من اعتق شركا له فى عبد 4033 ، 4034 ، 4035 ، 4037
تخريج : بخارى كتاب الشركة باب تقويم الاشياء بين الشركاء بقيمة عدل 2491 ، 2492 باب الشركة فى الرقيق 2503 2504 كتاب العتق باب اذا اعتق عبدا بين اثنين او امة بين الشركاء 2521 ، 2522 ، 2523 ، 2524 ، 2525 باب كراهية التطاول على الرقيق وقوله عبدى او امتى 2553 **نسائى** كتاب البيوع باب الشركة بغير مال 4698 الشركة فى الرقيق 4699 **ابوداؤد** كتاب العتق باب فيمن روى انه لا يستسعى 3940 ، 3943 ، 3946 ، 3947 **ترمذى** كتاب الاحكام باب ما جاء فى العبد يكون بين الرجلين فيعتق احدهما نصيبه1346، 1347 ، 1348 **ابن ماجه** كتاب العتق باب من اعتق شركا له فى عبد 2527 ، 2528

3137 : اطراف : مسلم كتاب الايمان باب من اعتق شركا له فى عبد 4033 ، 4034 ، 4035 ، 4036
تخريج : بخارى كتاب الشركة باب تقويم الاشياء بين الشركاء بقيمة عدل 2491 ، 2492 باب الشركة فى الرقيق 2503 2504 كتاب العتق باب اذا اعتق عبدا بين اثنين او امة بين الشركاء 2521 ، 2522 ، 2523 ، 2524 ، 2525 باب كراهية التطاول على الرقيق وقوله عبدى او امتى 2553 **نسائى** كتاب البيوع باب الشركة بغير مال 4698 الشركة فى الرقيق 4699**ابوداؤد** كتاب العتق باب فيمن روى انه لا يستسعى 3940 ، 3943 ، 3946 ، 3947 **ترمذى** كتاب الاحكام باب ما جاء فى العبد يكون بين الرجلين فيعتق احدهما نصيبه 1346، 1347 ، 1348 **ابن ماجه** كتاب العتق باب من اعتق شركا له فى عبد 2527 ، 2528

3138{52} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْمَمْلُوكِ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ فَيُعْتِقُ أَحَدُهُمَا قَالَ يَضْمَنُ {53} و حَدَّثَنَاه عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ مَنْ أَعْتَقَ شَقِيصًا مِنْ مَمْلُوكٍ فَهُوَ حُرٌّ مِنْ مَالِهِ[4332,4331]

3138: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے نبی ﷺ نے دو آدمیوں کے مشترکہ غلام کے بارہ میں فرمایا جسے ان دونوں میں سے ایک آزاد کرے۔ آپؐ نے فرمایا وہ ذمہ دار ہے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جس نے اپنے غلام سے (اپنا) حصہ آزاد کیا تو وہ اس کے مال سے آزاد ہوگا۔

3139{54} و حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ

3139: حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جس نے غلام میں اپنا حصہ آزاد کیا اگر وہ مالدار ہے تو اسی کے مال میں سے اس غلام کی آزادی ہوگی اور اگر اس کے پاس مال نہیں تو غلام سے اس کی

3138 :اطراف:مسلم کتاب العتق باب ذکر سعایة العبد 2745 ، 2746 کتاب الایمان باب من اعتق شرکا له فی عبد 4039
تخریج : بخاری کتاب الشرکة باب تقویم الاشیاء بین الشرکاء بقیمة عدل 2491 ، 2492 باب الشرکة فی الرقیق 2503 2504 کتاب العتق باب اذا اعتق عبدا بین اثنین او امة بین الشرکاء 2521 ، 2522 ، 2523 ، 2524 ، 2525 باب کراهیة التطاول علی الرقیق وقوله عبدی او امتی 2553 **نسائی** کتاب البیوع باب الشرکة بغیر مال 4698 الشرکة فی الرقیق 4699 **ابو داؤد** کتاب العتق باب فیمن روی انه لا یستسعی 3940 ، 3943 ، 3946 ، 3947 **ترمذی** کتاب الاحکام باب ما جاء فی العبد یکون بین الرجلین فیعتق احدهما نصیبه 1346 ، 1347 ، 1348 **ابن ماجه** کتاب العتق باب من اعتق شرکا له فی عبد 2527 ، 2528

3139 اطراف:مسلم کتاب العتق باب ذکر سعایة العبد 2745 ، 2746 کتاب الایمان باب من اعتق شرکا له فی عبد 4038
تخریج : بخاری کتاب الشرکة باب تقویم الاشیاء بین الشرکاء بقیمة عدل 2491 ، 2492 باب الشرکة فی الرقیق 2503 2504 کتاب العتق باب اذا اعتق عبدا بین اثنین او امة بین الشرکاء 2521 ، 2522 ، 2523 ، 2524 ، 2525 باب کراهیة التطاول علی الرقیق وقوله عبدی او امتی 2553 **نسائی** کتاب البیوع باب الشرکة بغیر مال 4698 الشرکة فی الرقیق 4699 **ابو داؤد** کتاب العتق باب فیمن روی انه لا یستسعی 3940 ، 3943 ، 3946 ، 3947 **ترمذی** کتاب الاحکام باب ما جاء فی العبد یکون بین الرجلین فیعتق احدهما نصیبه 1346، 1347 ، 1348 **ابن ماجه** کتاب العتق باب من اعتق شرکا له فی عبد 2527 ، 2528

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْتَقَ شَقِيصًا لَهُ فِي عَبْدٍ فَخَلَاصُهُ فِي مَالِهِ إِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ اسْتُسْعِيَ الْعَبْدُ غَيْرَ مَشْقُوقٍ عَلَيْهِ{55} و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَا أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَفِي حَدِيثِ عِيسَى ثُمَّ يُسْتَسْعَى فِي نَصِيبِ الَّذِي لَمْ يُعْتِقْ غَيْرَ مَشْقُوقٍ عَلَيْهِ[4334,4333]

آزادی کے لئے کام لیا جائے گا مگر اس پر مشقت نہ ڈالی جائے گی۔

ایک اور روایت میں (اُسْتُسْعِیَ الْعَبْدُ غَیْرَ مَشْقُوْقٍ عَلَیْهِ کی بجائے) یُسْتَسْعَی فِی نَصِیْبِ الَّذِی لَمْ یُعْتِقْ غَیْرَ مَشْقُوْقٍ کے الفاظ ہیں۔

3140{56}حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ وَهُوَ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَجُلًا أَعْتَقَ سِتَّةَ مَمْلُوكِينَ لَهُ عِنْدَ مَوْتِهِ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرَهُمْ فَدَعَا بِهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَزَّأَهُمْ أَثْلَاثًا ثُمَّ أَقْرَعَ بَيْنَهُمْ فَأَعْتَقَ اثْنَيْنِ وَأَرَقَّ أَرْبَعَةً وَقَالَ لَهُ قَوْلًا

3140: حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے اپنے چھ غلام اپنی موت کے وقت آزاد کر دیئے ان کے علاوہ اس کا کوئی مال نہ تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کو بلایا اور تین حصوں میں ان کو تقسیم کیا پھر ان کے درمیان قرعہ ڈالا اور دو غلاموں کو آزاد کر دیا مگر چار کو رہنے دیا اور اس شخص کے لئے سخت الفاظ فرمائے۔

ایک اور روایت میں (اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ سِتَّةَ مَمْلُوْکِیْنَ لَهُ عِنْدَ مَوْتِهِ کی بجائے) اَنَّ رَجُلًا

3140: تخریج : ترمذی کتاب الاحکام باب ما جاء فیمن یعتق ممالیکه عند موته 1364 **نسائی** کتاب الجنائز الصلاة علی من یحیف فی وصیته 1958 **ابو داؤد** کتاب العتق باب فیمن اعتق عبیدا له لم یبلغهم الثلث 3958 **ابن ماجه** کتاب الاحکام باب القضاء بالقرعة 2345

شَدِيدًا {57}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ عَنِ الثَّقَفِيِّ كِلَاهُمَا عَنْ أَيُّوبَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ أَمَّا حَمَّادٌ فَحَدِيثُهُ كَرِوَايَةِ ابْنِ عُلَيَّةَ وَأَمَّا الثَّقَفِيُّ فَفِي حَدِيثِهِ أَنَّ رَجُلًا مِنْ الْأَنْصَارِ أَوْصَى عِنْدَ مَوْتِهِ فَأَعْتَقَ سِتَّةَ مَمْلُوكِينَ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِنْهَالٍ الضَّرِيرُ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَا حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ عُلَيَّةَ وَحَمَّادٍ [4337,4336,4335]

مِنَ الْاَنْصَارِ اَوْصٰی عِنْدَ مَوْتِهٖ فَاَعْتَقَ سِتَّةَ مَمْلُوْكِيْنَ کے الفاظ ہیں۔

[13]18:بَاب: جَوَازُ بَيْعِ الْمُدَبَّرِ

باب:اس غلام کی فروخت کا جواز جسے مالک نے اپنی وفات کے بعد آزادقرار دیا ہو

3141{58} حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ

3141:حضرت جابرؓ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ انصار میں سے ایک شخص نے اپنا ایک غلام اپنی موت کے بعد آزاد کردیا اس (غلام) کے علاوہ اس کا کوئی

3141 : اطراف : مسلم کتاب الزکوة باب الابتداء فی النفقة بالنفس ثم اهله ثم القرابة 1649کتاب الایمان باب جواز بیع المدبر 4042

تخریج : بخاری کتاب البیوع باب بیع المزایدة 2141 باب بیع المدبر 2230، 2231 کتاب الخصومات باب ومن باع علی الضعیف ونحوه 2415 کتاب العتق باب بیع المدبر 2534کتاب کفارات الایمان باب عتق المدبر وام الولد والمکاتب فی الکفارة 6716 کتاب الاکراه باب اذا کره حتی وهب عبدا 6947 کتاب الاحکام باب بیع الامام علی الناس اموالهم وضیاعهم 7186 **نسائی** کتاب البیوع بیع المدبر 4652 ، 4653 ، 4654 کتاب آداب القضاة منع الحاکم رعیته من اتلاف اموالهم 5418 **ابوداؤد** کتاب العتق باب فی بیع المدبر 3955 ، 3957 **ابن ماجه** کتاب العتق باب المدبر 2512 ، 2513

أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ أَعْتَقَ غُلَامًا لَهُ عَنْ دُبُرٍ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ يَشْتَرِيهِ مِنِّي فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بِثَمَانِ مِائَةِ دِرْهَمٍ فَدَفَعَهَا إِلَيْهِ قَالَ عَمْرٌو سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ عَبْدًا قِبْطِيًّا مَاتَ عَامَ أَوَّلَ [4338]

مال نہ تھا نبی ﷺ کو یہ بات پہنچی تو آپؐ نے فرمایا اسے مجھ سے کون خریدے گا؟ حضرت نُعیم بن عبداللہؓ نے آٹھ سو درہم میں وہ خرید لیا اور انہوں نے وہ (درہم) آپؐ کو ادا کر دیئے۔ عمرو کہتے ہیں میں نے حضرت جابر بن عبداللہؓ کو کہتے سنا کہ وہ ایک قبطی غلام تھا جو پہلے سال فوت ہو گیا۔

3142{59} و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ سَمِعَ عَمْرٌو جَابِرًا يَقُولُ دَبَّرَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ غُلَامًا لَهُ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ فَبَاعَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَابِرٌ فَاشْتَرَاهُ ابْنُ النَّحَّامِ عَبْدًا قِبْطِيًّا مَاتَ عَامَ أَوَّلَ فِي إِمَارَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَابْنُ رُمْحٍ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ

3142: عمرو نے حضرت جابرؓ کو کہتے سنا کہ انصار کے ایک شخص نے اپنے مرنے کے بعد ایک غلام کے آزاد کرنے کی وصیت کی۔ اس کے پاس اس غلام کے علاوہ کوئی مال نہیں تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے فروخت کر دیا۔ جابرؓ کہتے ہیں اسے ابن نَحَّام نے خرید لیا یہ قبطی غلام تھا جو ابن زبیرؓ کی امارت کے پہلے سال میں فوت ہوا۔

3142 : اطراف : مسلم کتاب الزکوۃ باب الابتداء فی النفقۃ بالنفس ثم اھلہ ثم القرابۃ 1649 کتاب الایمان باب جواز بیع المدبر 4041

تخریج : بخاری کتاب البیوع باب بیع المزایدۃ 2141 باب بیع المدبر 2230، 2231 کتاب الخصومات باب ومن باع علی الضعیف ونحوہ 2415 کتاب العتق باب بیع المدبر 2534 کتاب کفارات الایمان باب عتق المدبر وام الولد والمکاتب فی الکفارۃ 6716 کتاب الاکراہ باب اذا کرہ حتی وھب عبدا 6947 کتاب الاحکام باب بیع الامام علی الناس اموالھم وضیاعھم 7186 **نسائی** کتاب البیوع بیع المدبر 4652، 4653، 4654 کتاب آداب القضاۃ منع الحاکم رعیتہ من اتلاف اموالھم 5418 **ابوداؤد** کتاب العتق باب فی بیع المدبر 3955، 3957 **ابن ماجہ** کتاب العتق باب المدبر 2512، 2513

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُدَبَّرِ نَحْوَ حَدِيثِ حَمَّادٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ يَعْنِي الْحِزَامِيَّ عَنْ عَبْدِ الْمَجِيدِ بْنِ سُهَيْلٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ ح و حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ هَاشِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ ذَكْوَانَ الْمُعَلِّمِ حَدَّثَنِي عَطَاءٌ عَنْ جَابِرٍ ح و حَدَّثَنِي أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذٌ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ مَطَرٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ وَأَبِي الزُّبَيْرِ وَعَمْرِو بْنِ دِينَارٍ أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَهُمْ فِي بَيْعِ الْمُدَبَّرِ كُلُّ هَؤُلَاءِ قَالَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ حَمَّادٍ وَابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرٍ [4341,4340,4339]

❁❁❁

الحمدللہ آٹھویں جلد مکمل ہوئی۔نویں جلد ''کتاب القسامۃ والمحاربین'' سے شروع ہوگی۔ان شاءاللہ

انڈیکس

آیات قرآنیہ

احادیث

حروف تہجی کے اعتبار سے

❁❁❁

مضامین

ا،ب،پ،ت،ٹ،ث

اللہ

آنحضرت ﷺ

آباء

آخرت

آفات

بٹائی/ٹھیکہ/کرایہ

بددعا

بلاط

بلی

س، ش، ص

غلہ

ق،ک،گ

قافلہ

قبضہ

❁❁❁

اسماء

❁❁❁

مقامات

کتابیات

قرآن کریم	
بخاری	152, 56
ترمذی	
نسائی	
ابوداؤد	
ابن ماجہ	
شرح مسلم از محمد بن خلیفۃ الوشتانی	103
لسان العرب	181، 24
مجمع البحار	24